ہومیوپیتھک
مجرب
مرکبات
ڈاکٹر محمد عمران ریاض
کتب خانہ
طبیب
ریڈرز پبلی کیشنز
15- نیو انار کلی لاہور

ہومیوپیتھک مجرب مرکبات

ڈاکٹر محمد عمران ریاض

ریڈرز پبلی کیشنز
15- نیو انارکلی لاہور

نام کتاب : ہومیو پیتھک مجرب مرکبات
مصنف : ڈاکٹر محمد عمران ریاض
تعداد : ایک ہزار
اشاعت دوم: جولائی 2001ء
پرنٹر : ندیم یونس پرنٹرز، ریٹیگن روڈ، لاہور
قیمت : 70 روپے

سٹاکسٹ

رحیم ہومیو پیتھک سٹور

پہلی منزل، لاہور آرٹ پریس بلڈنگ
15- نیو انارکلی لاہور (فون: 7351898)

سٹاکسٹ برائے کراچی

ہانمن بک ہاؤس اینڈ فارمیسی

5- سی 1- بی کینیرا اسکوائر، نزد میٹرک بورڈ آفس
ناظم آباد کراچی (فون: 6681213-6614030)

فہرست مضامین

حرف اول

ہومیوپیتھک پریکٹس میں مرکبات کا استعمال اصولاً تو نہیں ہونا چاہئے مگر فی زمانہ ہر انسان جلدی میں ہے اور اپنی تکلیف کا ازالہ جلد از جلد چاہتا ہے. ایلوپیتھی میں جہاں پہلے ہی مضر صحت کیمیائی مرکبات کی کثیر تعداد موجود ہے وہاں اس مقصد کے لئے اب سٹیرائیڈز کا استعمال بھی عام ہے. نئے ہومیوپیتھ خصوصاً ایسے مریضوں کی علامات لینے سے یا علامات لے کر مناسب مفرد دوا تجویز کرنے سے قاصر ہوتے ہیں جنہوں نے ضرر رساں کیمیائی مرکبات کے لگاتار استعمال سے اپنی علامات خراب کرلی ہوتی ہیں یا پھر ہر مریض کی جلد بازی نئے ہومیو فزیشن کو مجبور کرتی ہے کہ وہ فوری شفایابی کے لئے غیر ہومیوپیتھک اور ضرر رساں طریقے اپنائیں. ہومیوپیتھی کے دائرہ کار میں رہتے ہوئے فوری اور یقینی شفا کے حصول کو پیش نظر رکھتے ہوئے یہ مختصر کتاب ترتیب دی گئی ہے. اس میں شامل تمام مرکبات آزمودہ زود اثر اور مجرب ہیں. آپ انہیں بلا خوف و تشویش انتہائی اعتماد اور بھروسے کے ساتھ استعمال کروائیں اور ان کے نتائج خود ملاحظہ کریں. یقیناً آپ انہیں اپنی پریکٹس میں معاون پائیں گے. خدا ہم کو کامل شفا کے اسرار سے آگاہ کرے. (آمین)

ڈاکٹر محمد عمران ریاض

9 نومبر 1999

ہومیوپیتھک علاج کا اصل کرشمہ واحد دوا (Single Remedy) میں ہے. مگر کئی ایک وجوہ کی بناء پر بعض ہومیوپیتھک ڈاکٹر علاج معالجہ میں مرکب ادویات کے استعمال کو ترجیح دیتے ہیں. ان وجوہ میں سے ایک وجہ سہل انگاری ہے. دوسری وجہ مریض کا دوسرے طریقہ ہائے علاج کے بعد کسی ہومیوپیتھک معالج کی طرف رجوع کرنا ہے. جبکہ علامات مرض خلط ملط ہو چکی ہوتی ہیں اور کسی ایک دوا کے انتخاب میں مشکل پیش آتی ہے. تیسری وجہ یا تو مریض پوری طرح علامات بیان کرنے پر قادر نہیں ہوتا یا معالج علامات لینے میں مہارت نہیں رکھتا. چوتھی وجہ مریض تادیر علاج جاری رکھنا پسند نہیں کرتا. وہ جلد از جلد صحت یابی کا متمنی ہوتا ہے. خواہ وہ صحت یابی وقتی اور ادھوری ہی کیوں نہ ہو. ان مشکلات کی وجہ سے ہومیوپیتھک مرکب ادویات کی مانگ میں اضافہ اور ان کے استعمال میں دلچسپی ایک وقتی ضرورت اور قدرتی تقاضا ہے. ڈاکٹر محمد عمران ریاض نے "ہومیوپیتھک مجرب مرکبات" پیش کر کے شائقین مرکبات کے لئے ایک سہولت فراہم کر دی ہے. اس کتاب کی مدد سے وہ واحد دوا کی تلاش میں مغز ماری سے بچ جائیں گے اور نہایت اعتماد سے اپنے فرائض کی ادائیگی سے عہدہ برا ہو سکیں گے. توقع ہے کہ ڈاکٹر محمد عمران ریاض کی یہ کوشش سراہی جائے گی اور شائقین مرکبات اس سے خاطر خواہ استفادہ کر سکیں گے.

محمد نذیر مسلم

ایڈیٹر سہ ماہی ہومیوپیتھک لائف. رحیم یار خان

مرکب دوا

بعض روزمرہ بیماریوں کو علامات کے چکر میں پڑے بغیر اگر آزمودہ مجرب مرکبات سے ٹھیک کیا جا سکتا ہو تو ٹھیک نہ کرنا مریض پر احسان نہیں بلکہ ظلم ہے۔ لیکن دو یا دو سے زائد دواؤں کو یکے بعد دیگرے یا باہم ملا کر استعمال کروانا ایک ایسا فن ہے جو دواؤں کے مزاج کے گہرے مطالعے اور تجربے سے نصیب ہوتا ہے۔ جہاں مزاج ملتے ہوں دوائیں باہم ملا کر دینے سے یہ ایک دوسرے کو طاقت دیتی ہیں۔ جیسے ایسڈ فاس، چائنا اور کلکیریا فاس ایک دوسرے کی معاون و مددگار ہیں۔ ان کو باہم ملا کر دینے سے ان کا شافی احاطہ اثر بہت وسیع ہو جاتا ہے۔

ایک دوسرے سے ملتی جلتی دوائیں جو مرض سے مشابہت نہ رکھتی ہوں یا ایک دوسرے کی مخالف ہوں تو انہیں ملا کر دینے سے یہ اپنا اثر بڑھاتی نہیں، بلکہ زائل کرتی ہیں اور مرض سے واضح طور پر نمٹنے میں دشواری پیدا کرتی ہیں۔ جیسے چائنا اور سیلینیم ایک دوسرے کی مخالف دوائیں ہیں۔ جب انہیں ادل بدل کر یا ملا کر استعمال کروایا جائے تو چنداں فائدہ نہیں کرتیں۔ اسی طرح کلکیریا کارب بہت سی دواؤں کا مقام اتصال ہے۔ مگر اس کے بعد سلفر کبھی نہیں دینی چاہئے اور اگر سلفر دینا ناگزیر ہو تو اس سے پہلے لائیکوپوڈیم ضرور دیں ورنہ علامات مبہم اور گڈمڈ ہو جائیں گی۔

یاد رکھیں دواہ خواہ مفرد ہو یا مرکب جہاں علامات آہستہ آہستہ پیدا ہونگی وہاں دوا بھی آہستہ آہستہ اثر کرے گی اور جہاں علامات جلدی جلدی پیدا ہونگی وہاں دوا بھی جلدی جلدی اثر دکھائے گی۔

جب کوئی ایسا نسخہ جس میں برائی اونیا یا نکس وامیکا ہو ضرورت سے زیادہ استعمال کروایا جائے تو سردرد شروع ہو جاتا ہے۔ جلسی میم 200 کی ایک خوراک ایسے مریض کو تروتازہ کر دیتی ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

1. آرنیکا آئل — Arnica Oil

آرنیکا	Q	10 ملی لٹر
جرانڈی	Q	10 ملی لٹر
روغن زیتون		100 ملی لٹر

تمام دوائیں اچھی طرح باہم ملالیں. بالوں کی عام شکایات کے لئے مشہور زمانہ تیل آرنیکا ہیر آئل تیار ہے. یہ گرتے بالوں کو روکتا اور قبل از وقت سفید ہونے سے بچاتا ہے. خشکی، سکری وغیرہ دور کر کے بالوں کو چمکدار، صحت مند اور گھنا بناتا ہے. تیل کو روزانہ اچھی طرح ہلا کر سر میں اس قدر مساج کروائیں کہ کچھ تیل سر کی جلد اور بالوں کی جڑوں میں جذب ہو جائے.

2. آرنیکا آئنٹمنٹ — Arnica Ointment

آرنیکا	Q	10 ملی لٹر
بیلاڈونا	Q	10 ملی لٹر
روٹا	Q	10 ملی لٹر
سمفائٹم	Q	10 ملی لٹر
کیمفر	Q	10 ملی لٹر
ویزلین سفید		200 گرام

آئنٹمنٹ تیار کرنے کے لئے ایک بغیر دھار کے چھری اور پتھر کی سل درکار ہوتی ہے. معروف طریقے سے تمام دوائیں باہم یکجان کرلیں. ہڈیوں، پٹھوں اور جوڑوں میں درد، نیز چوٹ لگنے یا موچ آجانے کے لئے متاثرہ مقام پر دن میں دو تین بار اچھی طرح مالش کروائیں. نہایت لاجواب مرہم ہے.

3. آگ سے جل جانا Burns

ارٹیکا یورنز 2x
کینتھرس 2x

ہم مقدار ملالیں اور 10 قطرے فی خوراک ہر گھنٹے دو گھنٹے بعد 1 کپ پانی میں ملا کر دینے سے درد، جلن اور بے چینی نیز آبلے وغیرہ بھی انشاء اللہ بہت جلد رفع ہو جائیں گے. مقامی طور پر برن لوشن بھی لگائیں.

4. آلہ تناسل. ذَکر Penis

A. اگر آلہ تناسل چھوٹا ہو جائے یا سکڑ جائے تو درج ذیل مرکب کا استعمال بے حد سودمند ہوتا ہے.

آر جنٹم میٹ 30
اگنس کاسٹس 30
سٹافی سیگیریا 30

7-5 قطرے فی خوراک تھوڑے سے پانی میں ملا کر یومیہ 3 مرتبہ استعمال کروائیں. اس کے ہمراہ طلاء نمبر 1 بھی مقامی طور پر لگوائیں.

B. آلہ تناسل کی سوزش اور سوجن کے لئے درج ذیل نسخہ بیسیوں بار کا آزمودہ ہے.

ایپس میلیفیکا 30
کینتھرس 30
مرک کار 30

7-5 قطرے 1 کپ پانی میں ملا کر دن میں 4-3 مرتبہ استعمال کروائیں.

5. آنکھ کی تکالیف Eye Affections

A. عام آشوب چشم، آنکھوں میں درد اور تھکاوٹ، صبح کو آنکھیں چپکی ہوئیں نیز آنکھوں میں سرخی خارش اور جلن وغیرہ جیسی علامات کے دفیعہ کے لیے اکسیر نسخہ پیش ہے.

فیرم فاس	3x	10 گرام
یوفریزیا	3x	10 ملی لٹر

باہم ملا کر خشک کرلیں۔ 5 گرین فی خوراک ہر 3-2 گھنٹے بعد استعمال کروائیں۔ یوفریزیا آئی ڈراپس بھی 3 قطرے دن میں 3-2 مرتبہ متاثرہ آنکھ میں ڈالیں۔

B. ضعف بصر کو دور کر کے بینائی کو طاقت دینے والا بے مثال نسخہ درج ہے۔

روٹا	6x
یوفریزیا	6x
کالی فاس	6x
کلکیریا فاس	6x

تمام دوائیں ہم مقدار ملالیں اور 10 قطرے فی خوراک 1 کپ پانی میں ملا کر یومیہ 4-3 مرتبہ استعمال کروائیں ساتھ ہی زنکم سلف 200 بھی ایک خوراک یومیہ دیں۔

☆ آنکھ کے السر میں شہد کا خارجی استعمال اکثر دواؤں کے لگانے سے زیادہ شفا بخش اثرات کا حامل ہوا کرتا ہے۔

6. آواز کا بیٹھ جانا Hoarseness

آرم ٹرائفلم	6x
کاربوویج	6x
کاسٹیکم	6x
کالی میور	6x
فیرم فاس	6x

تمام دوائیں ہم مقدار ملالیں۔ بیٹھی ہوئی یا بند آواز کو کھولنے کے لئے نہایت باکمال مرکب ہے۔ 10 قطرے فی خوراک تھوڑے سے پانی میں ملا کر حسب شدت مرض دن میں 4 سے 8 مرتبہ استعمال کروائیں۔

☆ بوریکس (سہاگہ) کا مٹر کے برابر ایک دانہ منہ میں رکھ کر چوسنا بیٹھی ہوئی آواز کو جادو کی طرح ٹھیک کردیتا ہے۔

اگر آواز بیٹھ جائے اور بولنے سے تکلیف مسلسل بڑھتی جائے تو بوریکس بہت مفید دوا ہے. مگر آرجنٹم میٹ بوریکس سے بھی زیادہ موثر دوا ہے. دونوں کو باہم ملا کر بھی دیا جاسکتا ہے.
جن کا گلا ہمیشہ بیٹھا رہتا ہو ان کے لئے ایلومن اچھی دوا ہے.

7. اپنڈے سائٹس — Appendicitis

آئرس ٹینیکس	3x
بیلاڈونا	3x
کالوسنتھ	3x
میگنیشیا فاس	3x

تمام دوائیں ہم مقدار ملالیں. اندھی آنت کے ورم، درد اور سوزش کے علاوہ بخار اور بے چینی وغیرہ کو دور کرکے آنت کو گلنے سڑنے سے محفوظ رکھنے کے لئے بہترین مرکب ہے.
15-10 قطرے فی خوراک آدھے کپ نیم گرم پانی میں ملا کر شدید حالت میں ہر 10 منٹ بعد اور مزمن کیسوں میں دن میں 4 مرتبہ دہرائی جائے. ورم زائدہ کی خطرناک حالت میں جب آنت کے پھٹنے کا اندیشہ ہو لیکیسس 200 بہت مفید ثابت ہوتی ہے.

8. اپھارہ. نفخ شکم — Distention

چائنا	3x	10 ملی لٹر
کاربوویج	3x	10 ملی لٹر
لائیکوپوڈیم	3x	10 ملی لٹر
میگ فاس	3x	20 ملی لٹر

تمام دوائیں باہم ملالیں. اپھارے اور نفخ شکم کے لئے بے حد شاندار مرکب ہے. اگر پیٹ ڈھول کی طرح تنا ہو یا رہ رہ کر ہوا کے گولے بنتے ہوں. بکثرت ریاح خارج ہو اور ڈکار آئیں خواہ ان سے افاقہ ہو یا نہ ہو یہ نسخہ ہر حال میں بہترین ثابت ہوا ہے.
15 قطرے فی خوراک 1 کپ نیم گرم پانی میں ملا کر حسب ضرورت یا 4-3 مرتبہ روزانہ استعمال کروائیں.

Pollutions

9. احتلام بکثرت ہونا

ایسڈ فاس	3x
چائنا	3x
ڈیجیٹیلس	3x

تمام دوائیں ہم مقدار ملالیں. 10 قطرے فی خوراک 1 کپ پانی میں ملا کر صبح دوپہر شام کھانا کھانے سے پہلے استعمال کرنا بکثرت احتلام ہونے کے عارضے میں مجرب الجرب ہوا کرتا ہے.

بڑے گوشت، بادی اشیاء اور مرغن غذا سے پرہیز کروائیں.

بدترین اور کہنہ عارضے میں تھوجاQ کے 7-5 قطرے بھی صبح و شام دیں.

Lack of Concentration

10. ارتکاز اور توجہ کی کمی

بچوں اور بڑوں میں ارتکاز توجہ اور قوت فیصلہ کی کمی کے لئے بہترین نسخہ ہے.

ایتھوزا	30
نکس وامیکا	30
جلسیمیم	30

ہم مقدار ملالیں اور 10 قطرے فی خوراک دو گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر دن میں 4-3 دفعہ استعمال کروائیں.

Asprine

11. اسپرین (ہومیوپیتھک)

ایکونائٹ	200
رہسٹاکس	200

ہم مقدار ملالیں. 7-5 قطرے فی خوراک 1 کپ پانی میں ملا کر استعمال کروانا اسپرین کا بہترین بدل ثابت ہوا ہے. علامات کے جھنجھٹ میں پڑے بغیر یہ نسخہ بہت سی ایسی بیماریوں کے آغاز میں جب بخار اور بے چینی کی کیفیت ہو مفید و موثر ہوا کرتا ہے.

12. استقاء Oedema

A.

آرسینک البم	3x
ایپس میلیفیکا	3x
کلکیریا فاس	6x
نیٹرم میور	6x

ہم مقدار ملا لیں. ہر قسم کے استقاء کے لیے مفید ترین مرکب تیار ہے. 10 قطرے فی خوراک دو گھونٹ پانی میں ملا کر دن میں 4 مرتبہ استعمال کروائیں. دوران علاج نمک کم سے کم استعمال کیا جائے.

B. پیٹ کے استقاء (Ascites) کے لیے مندرجہ ذیل مرکب درج بالا طریقے سے استعمال کروانا زیادہ مفید و مناسب ہوتا ہے.

آرسینک البم	3x
چائنا	3x
لائیکو پوڈیم	3x

ہم مقدار ملا لیں.

13. اسقاط حمل Miscarriage

A.

سبائنا	30
کالو فائیلم	30

ہم مقدار ملا لیں. اسقاط حمل کے خدشے کو دور کرنے اور اس کے آئندہ رجحان کو روکنے کے لیے زبردست نسخہ ہے.

5-7 قطرے فی خوراک آدھے کپ پانی میں ملا کر حسب ضرورت جلد جلد دہرائیں یا دن میں 3 مرتبہ استعمال کروائیں.

B. اسقاط حمل کے بعد شدید اور بکثرت سیلان خون جو کسی طرح رکنے میں نہ آئے.

درج ذیل مرکب کے استعمال سے بہت جلد رک جاتا ہے۔

اپی کاک	3x
اسٹیلیگو	3x
سبائنا	3x
سمی سی فیوگا	3x
فیرم فاس	3x

ہم مقدار ملالیں اور 15-10 قطرے فی خوراک 1 اونس پانی میں ملا کر ہر 10 منٹ بعد دہرائیں۔

14. اسہال دست Diarrhoea

A.

ایگل مارمیلوس	Q	5 ملی لٹر
سٹرکولیا	Q	10 ملی لٹر
کرچی	Q	5 ملی لٹر

باہم ملالیں۔ ہر قسم کے اسہال و دست کے لئے مجرب الجرب نسخہ تیار ہے۔ یہ نسخہ چند ہی خوراکوں میں نہ صرف اسہال و دست کا دفیعہ کرتا ہے بلکہ جسم میں ہونے والی پانی و نمکیات کی کمی کو بھی پورا کرتا ہے۔

20-25 قطرے فی خوراک 1 کپ سادے یا گلوکوز ملے پانی میں ملا کر ہر رفع حاجت کے بعد پلائیں۔ سات سال تک کے بچوں کو نصف خوراک دیں اور شیر خوار بچوں کو 6-5 قطرے چینی یا گلوکوز میں ملا کر دیں۔

B. اسہال کا ایک اور نسخہ

اپی کاک	30
کولوسنتھ	30
کروٹن ٹگلیم	30
مرک سال	30

ہم مقدار ملالیں اور 10-8 قطرے فی خوراک 1 کپ تازے پانی میں ملا کر یومیہ 3 تا 5 قطرے استعمال کروائیں۔

C. پانی کے سے پتلے اسہال کے لیے ایک لاجواب مرکب دوا۔

اپی کاک	30
پوڈو فائیلم	30
چائنا	30
کاربوویج	30
وریٹرم البم	30
نیٹرم سلف	30

تمام دوائیں ہم مقدار ملالیں اور 15-10 قطرے فی خوراک 1 کپ تازے پانی میں ملا کر حسب شدت مرض ہر دو چار گھنٹے بعد دہرائیں۔

ذیل میں دیا گیا بائیوکیمک مرکب ہر قسم کے اسہال و پیچش میں بے حد مفید ہے اور مندرجہ بالا تمام مرکبات کے ہمراہ باری باری استعمال کیا جا سکتا ہے۔

فیرم فاس	6x
کالی فاس	6x
کالی میور	6x
میگ فاس	6x

ہم وزن ملالیں اور 5 گرین فی خوراک دن میں 4 مرتبہ استعمال کروائیں۔

15. اعصاب کی تکالیف — Nervous Disorders

A. ہر قسم کی اعصابی دردوں (Neuralgia) کو رفع کر کے آرام پہنچانے والا مفید ترین مرکب پیش ہے۔

آرسینک البم	3x
ایکونائٹ	3x
بیلاڈونا	3x

کیمو میلا	3x
میگنیشیا فاس	3x

ہم مقدار ملالیں اور 15-10 قطرے فی خوراک ۱ اونس نیم گرم پانی میں ملا کر شدت مرض کے مطابق جلد جلد دہرائیں۔

B. اعصاب کی ہر قسم کی سوزش (Neuritis) مندرجہ ذیل نسخے کے استعمال سے دور ہو جاتی ہے۔

ایلم سیپا	30
سٹر کنینم	30
نکس وامیکا	30
ہائپر یکم	30

ہم مقدار ملالیں اور 10 قطرے فی خوراک ۱ کپ تازے پانی میں ملا کر دن میں 4-3 مرتبہ استعمال کروائیں۔

C. اعصابی کمزوری (Nervous Debility) کو دور کر کے نروس سسٹم کو تقویت پہنچانے والا ایک آزمودہ اور موثر نسخہ

کالی فاس	6x	10 گرام
کلکیریا فاس	6x	10 گرام
میگنیشیا فاس	6x	10 گرام
نیٹرم فاس	6x	10 گرام
جلیسیمیم	6x	10 ملی لٹر

تمام دوائیں باہم ملا کر خشک کر لیں۔ بہترین نرو ٹانک تیار ہے۔ 7-5 گرین فی خوراک 4 دفعہ روزانہ استعمال کروائیں۔

16. افیون کی عادت Opium Addiction

A. ایونیا سٹائیوا	Q
پیسی فلورا	Q

دونوں ادویہ ہم مقدار ملا کر 40-35 قطرے فی خوراک 1 کپ ٹھنڈے پانی میں ملا کر دن میں 4-3 مرتبہ استعمال کروانا افیم کھانے کی عادت کو دور کرتا ہے۔ اعصاب پر اس کا مسکن اثر ہوتا ہے اس لیے جسمانی دردوں اور بے چینی وغیرہ کو ختم کر کے قدرتی، خوشگوار نیند بحال کرتا ہے انتہائی شاندار اور بالکل بے ضرر مرکب ہے۔

عادی افیمیوں میں افیم کی عادت چھڑانے اور اس کے برے اثرات کو ختم کرنے کے لیے درج ذیل مرکب بھی مستعمل و مفید ہے۔ مزمن کیسوں میں دونوں نسخہ جات اکٹھے بھی استعمال کیے جا سکتے ہیں۔

B. آرسینک البم	200
نکس وامیکا	200
وریٹرم البم	200

ہم مقدار ملا لیں اور 7-5 قطرے فی خوراک دو گھونٹ تازے پانی میں ملا کر روزانہ 2-1 بار دیں۔

17. الرجی کمپاؤنڈ ڈراپس Allergy Compound Drops

چھینکوں کے بار بار آنے، ناک اور آنکھوں سے پانی بہنے نیز جلن خارش اور سرخی وغیرہ جیسی الرجی کی تمام علامات سے مکمل شفایابی کے لیے الرجی کمپاؤنڈ ڈراپس ایک لاجواب دوا ہے۔ یہ مرکب نہ صرف الرجی کی حاد کیفیات کو درست کرتا ہے بلکہ مریض میں الرجی کے رجحان کو کم کر کے مستقل شفایابی کا باعث بھی ہوتا ہے۔

امبروشیا آرٹ	1x	یا	3x
ایلیم سیپا	1x	یا	3x
سباڈیلا	1x	یا	3x
سولی ڈیگو	1x	یا	3x
یوفریزیا	1x	یا	3x

تمام دوائیں ہم مقدار ملا لیں۔ 10 قطرے فی خوراک 1 اونس نیم گرم پانی میں ملا کر حاد علامات میں ہر 2-1 گھنٹے بعد اور عام طور پر روزانہ 3 مرتبہ دہرائیں۔

18. الفلفا ٹانک
Alfalfa Tonic

الفلفا	Q	10 ملی لٹر
ایونیا سٹائیوا	Q	10 ملی لٹر
چائنا	Q	5 ملی لٹر
نکس وامیکا	Q	5 ملی لٹر
ہائیڈرسٹس	Q	5 ملی لٹر

تمام دوائیں باہم ملالیں مشہور زمانہ الفلفا ٹانک تیار ہے۔ یہ بچوں، بوڑھوں اور جوانوں غرضیکہ ہر عمر کے افراد کے لیے یکساں طور پر مفید ہے۔ بھوک کی کمی، خون کی کمی عام جسمانی اور اعصابی کمزوری، وزن کی کمی اور قبض وغیرہ جیسی کیفیات میں بے پناہ موثر ہے۔ بیماریوں اور حادثات کے باعث لاحق ہونے والی کمزوریوں کو بڑی سرعت سے دور کر کے صحت و توانائی بحال کرتا ہے۔

30-25 قطرے فی خوراک 1 کپ نیم گرم پانی میں ملا کر کھانا کھانے سے پہلے دن میں 3 مرتبہ استعمال کروائیں اور قدرت کا تماشا دیکھیں۔ بچوں کو نصف خوراک دیں۔

19. السر
Ulcer

السر یا زخم معدہ انتہائی تکلیف دہ عارضہ ہے۔ معدے میں جلندار درد ہوتا ہے۔ خونی اور تیزابی قیس آنے لگتی ہیں۔ مناسب اور بروقت علاج نہ ہونے سے یہ مزمن صورت اختیار کر لیتا ہے یا معدے کے کینسر میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ درج ذیل نسخہ السر کے علاج میں برسوں کا آزمودہ اور مفید ترین ہے۔

آرنیکا	200
آئرس ورس	200
کالی آئیوڈائیڈ	200

ہم مقدار ملالیں اور 7-5 قطرے فی خوراک ایک گھونٹ پانی میں ملا کر دن میں 3-2 مرتبہ استعمال کروائیں۔ نیز اس کے ہمراہ مندرجہ ذیل بائیو کیمک مرکب 7-5 گرین فی خوراک یومیہ 4 مرتبہ استعمال کروائیں۔

فیرم فاس 6x
کالی فاس 6x
کلکیریا فاس 6x

تمام دوائیں ہم وزن لے کر باہم یکجان کر لیں۔

معدے اور آنتوں کے السر کے لیے کچے کیلے کو خشک کر کے اس کا پاؤڈر بنا لیں۔ 2-1 گرام دن میں 4-3 مرتبہ کھلائیں نہایت موثر علاج ہے۔

20. امتحان کا خوف Examination Phobia

آرجنٹم نائٹریکم 200
ایتھوزا 200

باہم ہم مقدار ملا لیں اور 5 قطرے فی خوراک 1 اونس ٹھنڈے پانی میں ملا کر دن میں 3-2 مرتبہ ایسے بچوں کو پلائیں جو امتحان میں بیٹھنے سے خوفزدہ ہوں۔ امتحان کا خوف دور کرنے کے لیے یہ ایک مجرب الجرب مرکب ہے ایسے بچوں کو اگر فیل ہو جانے کا ڈر بھی لگا رہتا ہو تو درج ذیل لاثانی بائیوکیمک مرکب بھی ہمراہ دن میں 4 مرتبہ دہرایا جائے۔

کالی فاس 6x
سلیشیا 6x

دونوں سفوف دوائیں ہم وزن ملا لیں۔

21. انتڑیوں کی تکالیف Intestinal Disorders

A. انتڑیوں میں سوزش درد اور زخم کا لاجواب نسخہ پیش ہے۔

آرسینک 30
اپی کاک 30
برائی اونیا 30
کالوسنتھ 30
کرچی 30
کریازوٹ 30

انفلوائنزینیم	200
اوسیلوکوکسینم	200
پسیلنم	200
ڈفتھیرینم	200

تمام دوائیں ہم مقدار ملالیں اور 7-5 قطرے فی خوراک 1 اونس تازے پانی میں ملا کر 2-1 دفعہ روزانہ استعمال کروائیں اگر 3 دن میں اس نسخے سے کوئی افاقہ نہ ہو تو اس کا استعمال روک دیں.

23. انفیکشن Infection

مختلف اقسام کی انفیکشن کے لیے ایلوپیتھک اینٹی بائیوٹک ادویات سے بدرجہا بہتر انتہائی مفید و موثر اور بالکل بے ضرر نسخہ ذیل میں درج ہے.

سلفر	200	5 قطرے کی ایک خوراک روزانہ صبح نہار منہ دیں
پائروجینم	200	5 قطرے کی ایک خوراک روزانہ شام کو دیں

اس کے ہمراہ مندرجہ ذیل مرکب 7-5 گرین فی خوراک دن میں کم از کم 4 مرتبہ دیں.

فیرم فاس	6x
کالی فاس	6x
کالی میور	6x
سلیشیا	6x

تمام سفوف ادویہ باہم ملا کر یکجان کرلیں.

24. او. آر. ایس (ہومیوپیتھک) O.R.S.

چائنا	Q	5 ملی لٹر
سٹرکولیا	Q	10 ملی لٹر
ڈسٹلڈ واٹر		200 ملی لٹر
چینی		چمچہ بھر
عام نمک		1 چٹکی

تمام ادویہ باہم ملا کر اچھی طرح ہلائیں۔ بہترین ہومیوپیتھک او۔ آر۔ ایس تیار ہے۔ دو چمچ او۔ آر۔ ایس ہر 2 گھنٹے بعد پلائیں۔ خصوصاً گرمیوں کے موسم میں شدید اسہال اور پیچش کے باعث جسم میں ہونے والی پانی اور نمکیات کے علاوہ ضروری حیاتیاتی مادوں کی کمی بھی پوری کرتا ہے۔ انتہائی شاندار نتائج کا حامل مرکب ہے۔

25. اے۔ بی۔ سی درد کش — A.B.C.Pain Killer

ایکونائٹ	1x
بیلاڈونا	1x
کیمومیلا	1x
سپائجیلیا	1x

سب دوائیں ہم مقدار ملالیں۔ زبردست مسکن و درد کش مرکب تیار ہے۔ یہ شدید درد کے احساس کو ختم کرتا ہے۔ بے چینی اور بے خوابی کو دور کر کے آرام دہ اور گہری نیند لانے میں لاجواب ہے۔

15-10 قطرے فی خوراک دو گھونٹ نیم گرم پانی میں ملا کر حسب شدت تکلیف جلد جلد دہرائیں۔

26. ایڈز — Aids

ایڈز دور جدید کا ایک انتہائی خطرناک اور مہلک مرض ہے۔ اسے عام طور پر لاعلاج تصور کیا جاتا ہے اور اس کا مریض بڑی تیزی سے کمزور ہو کر راہی ملک عدم ہو جاتا ہے۔ ایڈز کی ہلاکت خیزی سے بچاؤ کے لیے ایشیاء و یورپ کے ماہر ہومیو پیتھس کا آزمودہ اور موثر نسخہ درج ہے۔

سورائینم	CM
سفلینم	CM
پائروجینم	CM

دی ہوئی ترتیب میں ہر 15 دن بعد باری باری دہرائی جائیں اور یہی علاج کئی مہینے لگاتار جاری رکھیں۔

27. ایگزیما Eczema

پٹرولیم	30
کلکیریا کارب	30
گریفائٹس	30

تمام دوائیں ہم مقدار ملالیں اور 7-5 قطرے فی خوراک 1 اونس پانی میں ملا کر دن میں 3 مرتبہ پلائیں نیز اس کے ہمراہ مندرجہ ذیل بائیوکیمک مرکب بھی 7-5 گرین فی خوراک یومیہ 4 مرتبہ استعمال کروائیں۔

سلیشیا	6x
کلکیریا سلف	6x
نیٹرم میور	6x

تمام سفوف ادویہ ہموزن ملالیں۔

سورائینم 1M اور گریفائٹس 1M ہر ہفتے ادل بدل کر دینا بھی خصوصاً پرانے کیسوں میں بے حد مفید ہوا کرتا ہے۔

ایگزیما میں خارجی طور پر لگانے کے لیے مرہم کا نسخہ پیش ہے۔

گریفائٹس	1x	ٹریچوریشن 10 گرام
کروٹن ٹگلیم	1x	ڈائیلوشن 10 ملی لٹر

باہم ملا کر مرہم بنالیں اور دن میں 3-2 بار متاثرہ مقام پہ لگائیں۔

28. ایمرجنسی Emergency

ایلم شائیوا	Q	30 ملی لٹر
کیمفر	Q	10 ملی لٹر

اختلاج قلب، شدید گھبراہٹ اور بے چینی، غشی خصوصاً موسم گرما میں، جسم ٹھنڈا، نبض کمزور، نزع کی سی کیفیت، بلڈ پریشر میں کمی اور اچانک لاحق ہو جانے والی بہت سی تکالیف میں یہ مرکب 15 سے 25 قطرے گلوکوز ملے پانی میں ملا کر دینے سے حیرت انگیز طور پر بہت جلد طبیعت سنبھلنے لگتی ہے۔

اگر انتہائی شدید اور ناقابل برداشت درد ہو اور مریض اچانک غش کھا کر بے ہوش ہو جائے تو ایمائل نائٹروسم Q کے چند قطرے رومال پر ڈال کر سنگھانے سے مریض کے حواس بہت جلد بحال ہو جاتے ہیں اور وہ پر سکون ہو جاتا ہے۔

29. اینٹھن و کڑل پڑنا — Cramps

اینٹھن خصوصاً ٹانگوں اور پنڈلیوں میں نیز کڑل پڑنے کے لیے بے حد شاندار مرکب ذیل میں پیش ہے۔

بیلاڈونا	30
کالمیا	30
کالوسنتھ	30
کیوپرم میٹ	30

تمام دوائیں ہم مقدار ملالیں اور 10 قطرے فی خوراک 1 اونس تازے پانی میں ملا کر حسب ضرورت دن میں 4 سے 6 مرتبہ استعمال کروائیں۔

30. اینٹی لائس ہیر آئل — Anti Lice Hair Oil

سر کی جوئیں ختم کرنے کے لیے خارجی استعمال کے تیل کا بہترین فارمولا درج ذیل ہے۔

سباڈیلا	Q	10 ملی لٹر
ستافی سیگیریا	Q	10 ملی لٹر
سفید تلوں کا تیل		100 ملی لٹر

تمام دوائیں اچھی طرح باہم ملالیں اور تھوڑا سا تیل روزانہ 2-1 بار سر میں لگائیں۔

31. بالچر — Alopecia

فاسفورس	30
فلورک ایسڈ	30

دونوں دوائیں ہم مقدار ملالیں اور 10 قطرے فی خوراک 1 اونس پانی میں ملا کر دن میں 3 مرتبہ دہرائیں۔ بالچر میں خصوصاً جب بال گول گول قطعوں کی صورت میں گریں یہ مرکب بے

حد مفید و موثر ثابت ہوتا ہے۔

لہسن کو دہی میں ملا کر متاثرہ جگہ پر لگوانے سے بال بہت جلد نکل آتے ہیں۔

32. بال سفید ہونا (قبل از وقت) Premature Hair Whitening

ایسڈ فاسفورک 1x

چائنا 1x

جبرانڈی 1x

تینوں ادویات ہم مقدار ملالیں. قبل از وقت سفید ہو جانے والے بالوں کے لیے اکسیر نسخہ تیار ہے. 10 قطرے فی خوراک 1 کپ پانی میں ملا کر دن میں 3 یا 4 مرتبہ استعمال کروائیں. نیز خارجی طور پر آرنیکا ہیئر آئل کی مالش بھی کروائیں.

33. بال گرنا. گنجاپن Hair Falling

A.

اسٹیلیگو میڈاس 2x

ایسڈ فاس 2x

چائنا 2x

ہم مقدار ملالیں اور 10 قطرے فی خوراک 1 اونس تازے پانی میں ملا کر دن میں 3 مرتبہ استعمال کروائیں. گرتے ہوئے بالوں کو روکنے کے لیے انتہائی گراں قدر نسخہ ہے. اس کے متواتر استعمال سے نئے بال اگنے لگتے ہیں اور گنجاپن دور ہو جاتا ہے. اس کے ہمراہ مندرجہ ذیل بائیو کیمک مرکب بھی 7-5 گرین فی خوراک یومیہ 4 مرتبہ دہرائیں.

کالی فاس 6x

کلکیریا فاس 6x

نیٹرم میور 6x

تمام سفوف باہم ملالیں.

خارجی طور پر آرنیکا ہیئر آئل کی مالش بھی روزانہ 2-1 بار کروائیں.

B. اگر بال بہت تیزی سے گر رہے ہوں اور دماغی کمزوری نمایاں ہو تو ذیل کا نسخہ زیادہ

موثر ثابت ہوتا ہے۔

پکرک ایسڈ	30
فاسفورک ایسڈ	30
نیٹرم میور	30

برابر مقدار میں ملالیں اور 10 قطرے فی خوراک 1 کپ پانی میں ملا کر دن میں 4-3 مرتبہ دیں اور ساتھ ہی سفلینم 1M کی ایک خوراک ہر ہفتے استعمال کروائیں۔

34. بانجھ پن Sterility

اشوکا	Q
ایلٹرس فیری نوسا	Q
ہیلونیاس	Q

ہم مقدار ملالیں۔ عورتوں میں بانجھ پن کے معالجہ میں بہترین نتائج کا حامل نسخہ ہے۔ اس کے استعمال سے رحم کی کمزوری اور اس سے متعلقہ تمام عوارض کا خاتمہ ہو جاتا ہے اور خدا کے فضل سے حمل قرار پا جاتا ہے۔ 25-15 قطرے فی خوراک 1 کپ تازے پانی میں ملا کر روزانہ 3 دفعہ استعمال کروائیں۔

اگر کوئی عورت شکایت کرے کہ ہمبستری کے بعد شرمگاہ سے مواد خارج ہوتا ہے (جو کہ درحقیقت منی ہوتی ہے اور چونکہ یہ اندر ٹھہر نہیں پاتی اس لیے حمل بھی نہیں ٹھہرتا) تو اسے نیٹرم کارب 30 یا 200 کی چند خوراکیں استعمال کروائیں۔ انشاء اللہ مذکورہ شکایت دور ہو کر حمل قرار پا جائے گا۔

35. بچوں کے عوارض Infants Diseases

A. شیر خوار بچوں کے پیٹ سے متعلقہ مسائل کے حل کے لیے کولک (Colic) ڈراپس نہایت موثر مرکب ہے۔ یہ ننھے منے بچوں کی بدہضمی، بے چینی، قبض، ریاح اور پیٹ درد کو بہت جلد ٹھیک کر دیتا ہے۔ نسخہ درج ذیل ہے۔

ایتھوزا	3x
کالوسنتھ	3x

کیمومیلا	3x
میگ فاس	3x
نکس وامیکا	3x

ہم مقدار ملالیں اور 3 قطرے فی خوراک ۱ چمچ نیم گرم پانی میں ملا کر حسب ضرورت یا دن میں 4-3 مرتبہ دہرائیں۔

B. اطفال میں ناک' کان اور گلے کی خرابیوں اور نزلاتی کیفیات کے ہمراہ روزانہ رات کو بخار ہو جانے کے لیے مجرب الجرب نسخہ درج ذیل ہے۔

آرسینک البم	30
آرنیکا	30
ایکونائٹ	30
بیلاڈونا	30

تمام دوائیں ہم مقدار ملالیں اور 3 قطرے فی خوراک ۱ چمچ نیم گرم پانی میں ملا کر دن میں 3 مرتبہ استعمال کروائیں۔ نیز اس کے ہمراہ مندرجہ ذیل بائیوکیمک مرکب بھی 2-1 گرین فی خوراک یومیہ 4 مرتبہ دہرائیں۔

سلیشیا	3x
فیرم فاس	3x
کالی فاس	3x
کالی میور	3x
کلکیریا فلور	3x

تمام سفوف ادویہ ہموزن ملالیں۔

C. اگر بچے بولنا اور چلنا دیر سے سیکھیں تو نیچے دیا گیا مرکب بہت مفید و موثر ہوا کرتا ہے۔

برائٹا کارب	6x	10 ملی لٹر
سلیشیا	6x	10 ملی گرام
نیٹرم میور	6x	10 ملی گرام

کالی فاس	6x	10 گرام

تمام دوائیں باہم ملا کر یکجان کر لیں اور 2 گرین فی خوراک دن میں 4 مرتبہ استعمال کروائیں۔

36. بخار Fever

A. آرنیکا	30
ایکو نائٹ	30
برائی اونیا	30
رہسٹاکس	30

تمام دوائیں ہم مقدار ملالیں اور عام بخار، شدید جسمانی دردوں' ملیریا اور معیادی بخار کے ہمراہ پیچش وغیرہ میں استعمال کروائیں۔ 7-5 قطرے فی خوراک 1 اونس تازے پانی میں ملا کر حسب شدت مرض جلد جلد دہرائیں۔

بائیو کیمک میں بخار کا شہرہ آفاق مرکب بائیو فیور (Bio-Fever) بھی ہر مفرد یا مرکب دوا کے ہمراہ 7-5 گرین فی خوراک دن میں 5-4 مرتبہ دہرایا جائے۔

فیرم فاس	3x
کالی میور	3x
نیٹرم سلف	3x

تینوں دواؤں کے سفوف ہموزن ملالیں۔

B. ہر قسم کے بخار کا ایک اور مجرب الجرب نسخہ درج ذیل ہے۔

آرسینک البم	2x
اپی کاک	2x
بپٹیشیا	2x
برائی اونیا	2x
جلسیمیم	2x
یوپٹیوریم پرف	2x

تمام دوائیں ہم مقدار ملا لیں. بخار کے لیے بہترین مرکب تیار ہے. 15-10 قطرے فی خوراک 1 اونس تازے پانی میں ملا کر حسب ضرورت یا دن میں 4-3 مرتبہ استعمال کروائیں. اگر ملیریا بخار ہو تو بخار اترنے کے 6-4 گھنٹے بعد ملیریا آف 1M کی ایک خوراک دے دیں. ملیریا بخار کے علاج میں دوا ہمیشہ اترے ہوئے بخار (کی حالت) میں دی جانی چاہیے. یہ خون کو جراثیم کے آئندہ حملے کے لیے تیار کر دیتی ہے.

ملیریا کے علاج میں بے پناہ مہارت کی ضرورت ہوتی ہے. کیونکہ کہا جاتا ہے کہ ملیریا سوائے حمل کے ہر دوسری علامت کی نقل کر لیتا ہے. یہ اکثر علامات میں اس قدر الجھاؤ پیدا کر دیتا ہے کہ بیماری کی تہہ تک پہنچنا دشوار ہو جاتا ہے.

ملیریا خون اور نظام دوران خون پر بہت برے اثرات ڈالتا ہے. ان کو دور کرنے کے لیے ''چینینیم آرس'' مفید ترین دوا ہے.

C. شدید اور لمبے بخار کے بعد رہ جانے والی کمزوری کو دور کرنے کا ایک لاجواب نسخہ.

چائنا	30
کالی فاس	30
کلکیریا فاس	30

ہم مقدار ملا لیں اور 10 قطرے فی خوراک 1 کپ تازے پانی میں ملا کر دن میں 4 مرتبہ استعمال کروائیں. نیز اس کے ہمراہ الفلفا Q بھی 15 قطرے فی خوراک 1 کپ تازے پانی میں ملا کر دن میں 4 مرتبہ کچھ عرصہ لگاتار استعمال کروائیں.

37. برائیورہیوم Bryorheum

یہ دوا جرمنی میں بنتی ہے اور تمام دنیا میں بکثرت فروخت ہوتی ہے. جسم کے کسی حصہ پر سوجن ہو، پٹھوں میں درد، کمر درد اور سردی لگ جانے سے ہونے والا گھٹیا کا درد اور دیگر جملہ تکالیف میں اس کا استعمال عام ہے. بے حد موثر اجزاء پر مشتمل انتہائی تحقیق شدہ دوا ہے.

برائی اونیا	3x
ڈلکامارا	3x
رہسٹاکس	3x

فائٹولاکا 3x

نیفالیئم 3x

تمام دوائیں ہم مقدار ملالیں. برائیو رہیوم تیار ہے. 15-10 قطرے فی خوراک 1 اونس نیم گرم پانی میں ملا کر دن میں 4-3 مرتبہ کھانا کھانے سے پہلے استعمال کروائیں.

38. برتھ کنٹرول Birth Control

ہومیوپیتھی میں خاندانی منصوبہ بندی کے لیے بطور مانع حمل بہت سی بے ضرر موثر اور کامیاب دوائیں موجود ہیں. دنیا بھر کے نامور ہومیوپیتھس کے آزمودہ چند مجرب المجرب نسخہ جات ذیل میں دیے گئے ہیں.

1. ہر ماہواری سے چار روز قبل پلساٹیلا 200 روزانہ ایک خوراک 3 دن کھلانی چاہئے. یہ حمل قرار پانے سے روکتی ہے.
2. حیض ختم ہونے کے اگلے روز سے نیٹرم میور 200x روزانہ ایک خوراک صبح نہار منہ مسلسل 3 دن استعمال کروانا بطور برتھ کنٹرول نہایت مفید نسخہ ہے.
3. ٹیسٹیز 3x (5 گرین)، زنتھازائلم Q (5 قطرے فی خوراک) اور سائیکلمن Q (5 قطرے فی خوراک) تینوں دوائیں استقرار حمل سے محفوظ رکھنے کے لیے لاجواب ہیں. جو دوا آپ کے پاس ہو وہ ماہواری ختم ہونے کے اگلے دن سے کھلانا شروع کر دیں اور مسلسل سات روز کھلائیں. اس دوراج جماع سے قطعی پرہیز لازم ہے.

خاندانی منصوبہ بندی کے لیے مندرجہ بالا ہر نسخہ ایک ماہ کے لیے ہے اس لیے ہر مہینے دہرایا جائے اور جب اولاد مقصود ہو تو ترک کر دیں.

39. برص. پھلبہری Leucoderma

ایکینیشیا Q

ہائیڈروکوٹائل Q

ہم مقدار ملالیں اور 15-10 قطرے فی خوراک 1 کپ ٹھنڈے پانی میں ملا کر دن میں 3 مرتبہ لمبے عرصے تک استعمال کروائیں اور ساتھ ہی نیٹرم میور 200x کی ایک خوراک ہر ہفتے دہرائیں. مقامی طور پر ہائیڈروکوٹائل مرہم یا مدر ٹنکچر کا استعمال بھی نافع ہوتا ہے.

آرسینک سلف 3x بھی اس مرض کی بہت مفید دوا ہے. اگر داغوں میں جلن اور خارش بھی ہوتی ہو تو 5 گرین فی خوراک دن میں 3 مرتبہ مندرجہ بالا مرکب کے ہمراہ باری باری استعمال کروائیں.

40. برن لوشن Burns Lotion

ارٹیکا	Q	10 ملی لٹر
کینتھرس	Q	10 ملی لٹر
کیلنڈولا	Q	10 ملی لٹر
ڈسٹلڈ واٹر		100 ملی لٹر

تمام ادویات باہم ملالیں. جل جانے، جھلس جانے اور جلنے کے بعد آبلے وغیرہ پڑ جانے کے لیے انتہائی مفید و موثر لوشن ہے. یہ جلن اور درد وغیرہ کو رفع کر کے فوری ٹھنڈک اور سکون کا احساس پیدا کرتا ہے. لوشن اچھی طرح ہلا کر استعمال کیا جائے متاثرہ جگہ پر جلد جلد لگائیں.

41. بریسٹ ڈویلپر Breast Developer

سابل سیرولاٹا	30
کونیم	30

باہم ملا کر 7-5 قطرے فی خوراک 1 اونس پانی میں ملا کر دن میں 3 بار دیں. نیز اس کے ہمراہ درج ذیل نسخہ بھی 5 گرین فی خوراک دن میں 4 مرتبہ دہرائیں. یہ غیر نشوونما یافتہ پستانوں کے لیے بہترین مرکبات ہیں.

کلکیریا فاس	6x
لیسی تھین	6x

دونوں سفوف ادویہ باہم ملالیں.

خارجی طور پر لگانے (مساج) کے لیے ذیل میں دیا گیا بریسٹ ڈویلپر لوشن کمال کی چیز ہے. اس کی مالش سے پستانوں کی نشوونما ہونے لگتی ہے اور وہ مناسب جسامت اختیار کر لیتے ہیں. نیز یہ لوشن ڈھلکے ہوئے پستانوں میں کساؤ پیدا کر کے انہیں طبعی سائز میں لاتا ہے اور چھاتیوں کو خوبصورت اور سڈول بناتا ہے.

سائل سیرولاٹا	Q	10 ملی لٹر
چمافیلا	Q	10 ملی لٹر
کیسٹر آئل خالص		50 ملی لٹر

تمام دوائیں باہم اچھی طرح ہلا کر یکجان کرلیں. بریسٹ ڈویلپر لوشن تیار ہے. دن میں 2 بار پستانوں پر اس لوشن کی اچھی طرح مالش کروائیں.

42. برین ٹانک Brain Tonic

برین ٹانک دماغ کے لیے ایک لاجواب فارمولا ہے. اس کے استعمال سے دماغی کمزوریاں اور تھکاوٹ دور ہو جاتی ہیں. یادداشت کو بہتر بنانے والا یہ ایک موثر نسخہ ہے.

اسوا گندا	Q
ایسڈ فاس	Q
ایونیا سٹائیوا	Q

ہم مقدار ملالیں اور 20-15 قطرے فی خوراک 1 کپ پانی میں ملا کر دن میں 4-3 بار استعمال کروائیں.

43. بدہضمی Indigestion

پلساٹیلا	30
کاربو ویج	30
نکس وامیکا	30

ہم مقدار ملالیں. غذائی بے اعتدالیوں اور بد پرہیزیوں سے ہونے والی معدے کی خرابیوں کے لیے باکمال نسخہ ہے. نظام ہاضمہ کی ابتری' بدہضمی' غذا کی نالی میں جلن اور تکلیف نیز ڈکار وغیرہ تمام شکایات اس مرکب کے چند روزہ مسلسل استعمال سے بالکل درست ہو جاتی ہیں. 10 قطرے فی خوراک آدھے کپ پانی میں ملا کر شدید تکلیف میں ہر گھنٹے 2 گھنٹے بعد اور عام طور پر دن میں 3 مرتبہ ہر کھانے کے 1 گھنٹہ بعد استعمال کروائیں.

کیریکاپاپایا 1x بدہضمی وغیرہ کے لیے اکسیر دوا سمجھی جاتی ہے. 4-3 گرین سفوف کی ایک خوراک کھانا کھانے سے کچھ دیر پہلے اور ایک خوراک کھانا کھانے کے آدھا گھنٹہ بعد دیں.

اگر گوشت وغیرہ بکثرت سے کھا لیا جائے تو بدہضمی کے خدشے سے بچنے کے لیے ایلم سٹائیوا مدر ٹنکچر کے 15 یا 20 قطرے 1 اونس نیم گرم پانی میں ملا کر دینا بہت مفید ہوتا ہے. یہ ایسی کیفیت میں بہت اچھا کام کرتا ہے.

44. بلڈ پریشر کی زیادتی Hypertension

A. پیسی فلورا Q
راؤ ولفیا Q
کریٹیگس Q
گلونائن Q

تمام دوائیں ہم مقدار ملالیں. ہائی بلڈ پریشر کو فوراً کم کرنے کے لیے برسوں سے یہ مرکب ہزاروں ڈاکٹروں کے زیر استعمال ہے. بالکل بے ضرر اور انتہائی قابل بھروسہ ہے. 15 سے 25 قطرے فی خوراک 1 اونس تازے پانی میں ملا کر حسب ضرورت یا دن میں 2-1 مرتبہ روزانہ دیں.

صبح نہار منہ لیکیس 1M کی ایک خوراک بھی کھلائیں.

B. بلڈ پریشر کی زیادتی جس کے ہمراہ چھاتی میں درد بھی ہو میں درج ذیل مرکب مستعمل و نافع ہوا کرتا ہے.

آرسینک 6x یا 30
بیلاڈونا 6x یا 30
برائٹا کارب 6x یا 30
نیٹرم سلف 6x یا 30

چاروں دوائیں برابر مقدار میں ملالیں اور 10 قطرے فی خوراک تھوڑے سے پانی میں ملا کر روزانہ 4-3 دفعہ یا حسب ضرورت استعمال کروائیں.

45. بلڈ پریشر کی کمی Hypotension

جلسیمیم 3x
کیکٹس 3x

کالی فاس 3x

کلکیریا فاس 3x

نیٹرم میور 3x

ہم مقدار ملالیں۔ یہ مرکب کمزوری کو دور کر کے خون کے دباؤ کو بڑھاتا ہے۔ 15-10 قطرے فی خوراک ۱ کپ نیم گرم پانی میں ملا کر حسب ضرورت جلد جلد دہرائیں یا دن میں 4 مرتبہ استعمال کروائیں۔

بلڈ پریشر میں کمی کے ساتھ اگر ایمرجنسی کی علامات پیدا ہو گئی ہوں تو ایمرجنسی والا مرکب بھی مستعمل و مفید ہوتا ہے۔

کاربوویج 1M کی ایک خوراک بھی تیزی سے گرتے ہوئے بلڈ پریشر کو زیادہ کر دیتی ہے۔

زیادہ کمزوری کی حالت میں جلسیمیم 1M کی ایک خوراک صبح نہار منہ دی جانی چاہئے اور اگر پسینہ بکثرت آرہا ہو تو ویریٹرم البم 30 کی ایک خوراک دن میں 3 مرتبہ استعمال کروائیں۔

46. بواسیر Piles

A. خونی بواسیر کا ایک مجرب نسخہ

ایکونائٹ 30

بیلاڈونا 30

ملی فولیم 30

ہم مقدار لیں اور 10 قطرے فی خوراک ۱ کپ پانی میں ملا کر دن میں 4-3 مرتبہ استعمال کروائیں۔

B. غیر خونی (بادی) بواسیر کا ایک بہترین مرکب درج ذیل ہے۔

بیلاڈونا 30

سلفر 30

نکس وامیکا 30

ہم مقدار ملالیں اور 10 قطرے فی خوراک ۱ کپ پانی میں ملا کر دن میں 4-3 مرتبہ استعمال کروائیں۔

C. ہر قسم کی خونی و بادی بواسیر خواہ قبض کے ہمراہ ہو یا بغیر کی مستقل شفایابی کے لیے ذیل کے 2 نسخہ جات بے حد اہمیت کے حامل ہیں۔

کالن سونیا	1x
ہمامیلس	1x
ایسکیولس ہپ	1x
نکس وامیکا	1x

تمام دوائیں ہم مقدار ملا لیں اور 10 قطرے فی خوراک ۱ اونس تازے پانی میں ملا کر دن میں 4-3 مرتبہ استعمال کروائیں۔ نیز اس کے ہمراہ درج ذیل بائیوکیمک مرکب بھی 7-5 گرین فی خوراک روزانہ 4 دفعہ استعمال کروائیں۔

۲. سلیشیا	6x
فیرم فاس	6x
کلکیریا فلور	6x

تمام سفوف ہموزن ملا لیں۔ یہ مرکب مندرجہ بالا تمام نسخہ جات کے ہمراہ استعمال کروایا جا سکتا ہے۔

پرانے اور ضدی کیسوں میں فیرم فاس 200 (5 قطرے فی خوراک) اور کلکیریا فلور 200 (5 قطرے فی خوراک) باری باری دن میں 4 خوراک دیں۔

خارجی طور پر لگانے کے لئے پائلز آئنٹمنٹ بھی دیں۔

47. بوڑھوں کا ٹانک Elder's Tonic

بوڑھے لوگوں کی جنسی اور اعصابی کمزوریوں کے لیے ایک بے مثال ٹانک کا نسخہ ذیل میں دیا گیا ہے۔

اگنس کاسٹس	30
ایسڈ فاس	30
ٹیسٹیز	30
چائنا	30

سیپیا 30

کونیم 30

فاسفورس 30

سب ادویہ ہم مقدار ملالیں۔

10-15 قطرے فی خوراک 1 کپ تازے پانی میں ملا کر دن میں 3 مرتبہ استعمال کروائیں۔

48. بول بستری Enuresis

A.

ایکویزیٹم 3x

ورباسکم 3x

بیلاڈونا 3x

کالی فاس 3x

کلکیریا فاس 3x

تمام دوائیں ہم مقدار ملالیں۔ اگر بچوں اور بڑوں میں رات کے وقت بستر پر پیشاب نکل جانے کی شکایت پائی جائے تو ان کے علاج میں یہ مرکب بے حد کارآمد ثابت ہوتا ہے۔ 10-15 قطرے فی خوراک دو گھونٹ پانی میں ملا کر دن میں 4 مرتبہ دیں۔

B. اگر بول بستری کے ہمراہ معدے کی تکالیف بھی نمایاں ہوں تو درج ذیل نسخہ زیادہ موثر ہوا کرتا ہے۔ 5-7 قطرے فی خوراک 2 گھونٹ پانی میں ملا کر دن میں 3-4 دفعہ استعمال کروائیں۔

ایکویزیٹم 30

پلساٹیلا 30

نکس وامیکا 30

تمام دوائیں ہم مقدار ملالیں۔

اس کے ہمراہ مندرجہ ذیل بائیو کیمک مرکب بھی 5 گرین فی خوراک روزانہ 4 مرتبہ دہرائیں۔

کالی فاس 6x

نیٹرم فاس 6x

نیٹرم میور 6x

تمام ادویات کے سفوف ہموزن ملا کر یکجان کر لیں۔

کریازوٹ رات کو بچوں کے پیشاب نکل جانے کی بہترین دوا ہے۔ یکایک پیشاب کی شدید حاجت کو درست کرنے میں لاجواب ہے اسے کچھ عرصہ لگاتار استعمال کرنے سے رفتہ رفتہ پیشاب کی حاجت کی تیزی کم ہو جاتی ہے اور پیشاب کو روکنے کی طاقت بڑھ جاتی ہے۔

پیشاب کی حاجت کو عارضی طور پر روکنے کے لیے بطور حفظ ماتقدم کاسٹیکم 1M کی ایک خوراک استعمال کروانی چاہئے۔

49. بہرہ پن Deafness

نزلاوی کیفیات کے ہمراہ یا بغیر ہر قسم کے بہرے پن کے لیے ایک نہایت کار آمد مرکب درج ذیل ہے۔

اگر سنفس نٹ 30

چنینم سلف 30

چینو پوڈیم 30

تینوں دوائیں ہم مقدار ملا لیں اور 10-8 قطرے فی خوراک 1 اونس پانی میں ملا کر دن میں 3 بار استعمال کروائیں۔ خارجی طور پر کانوں میں ڈالنے کے لیے میولین ایئر ڈراپس بھی دیں۔

50. بھڑ یا مکھی کا کاٹنا Insect Bite

بھڑ، مکھی اور دوسرے کیڑے مکوڑوں کے کاٹنے سے پیدا شدہ تکالیف سوزش، درد اور جلن وغیرہ کے لیے ایک بے حد مفید و موثر نسخہ پیش ہے۔

اگیریکس 3x

بیلاڈونا 3x

فیرم فاس 3x

ہم مقدار ملا لیں اور 10 قطرے فی خوراک تھوڑے سے پانی میں ملا کر حسب ضرورت 15

منٹ سے 2 گھنٹے تک کے وقفے سے دہرائیں. متاثرہ مقام پر درج ذیل لوشن بھی لگائیں.

لیپس	Q	1 حصہ
کینتھرس	Q	1 حصہ
آرنیکا	Q	1 حصہ
لیڈم	Q	1 حصہ
ڈسٹلڈ واٹر		2 حصے

باہم ملا کر اچھی طرح ہلائیں اور تھوڑے تھوڑے وقفے سے 3-2 مرتبہ مساج کروائیں.

51. بے بی ٹانک Baby Tonic

فیرم فاس	3x
کلکیریا فاس	3x

دونوں سفوف ادویہ باہم ملا کر یکجان کر لیں. بہترین بے بی ٹانک تیار ہے. خصوصاً دانت نکالنے والے بچوں کے لیے یہ مرکب ایک نعمت سے کم نہیں. یہ جسم میں فولاد اور کیلشیم کی فراہمی کو یقینی بناتا ہے. چڑچڑے اور غصہ ور بچوں کے لیے اس نسخے میں کیمومیلا 3x بھی شامل کر لیں.

52. بے خوابی Insomnia

کافیا	200	روزانہ صبح ایک خوراک دیں
کالی فاس	200	روزانہ رات کو ایک خوراک دیں

ان دواؤں کے ہمراہ درج ذیل مرکب بھی 15 قطرے فی خوراک 1 کپ نیم گرم پانی میں ملا کر رات سوتے وقت 2-1 مرتبہ استعمال کروائیں.

گہری خوشگوار اور پرسکون نیند کے لیے یہ مرکب برسوں سے آزمودہ ہے.

ایوینا سٹائیوا	Q	10 ملی لٹر
پیسی فلورا	Q	20 ملی لٹر

باہم ملا لیں. بے خوابی کے لیے بہترین مرکب تیار ہے.

53. بیک پین لنیمنٹ Back Pain Linement

یہ ہر طرح کی کمر درد اور پٹھوں میں کھچاؤ وغیرہ کے لیے مقامی طور پر مساج کرنے کے لیے نہایت موثر لنیمنٹ ہے۔ نسخہ درج ذیل ہے۔

آرنیکا	Q	10 ملی لٹر
برائی اونیا	Q	10 ملی لٹر
رہسٹاکس	Q	10 ملی لٹر
روغن زیتون		100 ملی لٹر

تمام دوائیں باہم اچھی طرح ملا کر یکجان کر لیں اور روزانہ 3-2 دفعہ اس لنیمنٹ کی مالش کروائیں۔

54. پائلز آئنٹمنٹ Piles Ointment

تھوجا	Q	10 ملی لٹر
ہائیڈراسٹس	Q	10 ملی لٹر
ہامیلس	Q	10 ملی لٹر
سفید ویزلین		100 گرام

معروف طریقے سے تمام دوائیں باہم یکجان کر لیں۔ خونی و بادی ہر قسم کی بواسیر میں خارجی استعمال کے لیے انتہائی کارآمد مرہم تیار ہے۔ 3-2 دفعہ روزانہ استعمال کروانے سے درد وغیرہ بہت جلد ٹھیک ہو جاتا ہے۔ خون آنا رفتہ رفتہ بالکل بند ہو جاتا ہے اور بواسیری مسے خشک ہو کر جھڑنے لگتے ہیں۔

55. پائیوریا Pyorrhaea

فیرم فاس	30
کاربوویج	30
کریازوٹ	30
مرکسال	30

تمام دوائیں ہم مقدار ملالیں. پائیوریا کے لیے ایک بے حد مفید مرکب تیار ہے. یہ نسخہ دانتوں اور مسوڑھوں کی بیشتر تکالیف خصوصاً خون آنا' پیپ' درد اور بدبو وغیرہ میں 10 قطرے فی خوراک دو گھونٹ تازے پانی میں ملا کر دن میں 4-3 مرتبہ استعمال کروانا چاہیئے.

اگر مسوڑھوں کی خرابی زیادہ نمایاں ہو تو درج ذیل مرکب بھی 7-5 قطرے فی خوراک ہر ہفتے دہرائیں اور کم از کم ایک ماہ تک جاری رکھیں.

سورائینم	1M
مرک سال	1M

دونوں دوائیں ہم مقدار ملالیں.

پلانٹیگو ڈینٹل لوشن بھی دانتوں اور مسوڑھوں پر لگانے کے لیے دیں.

56. پتے میں درد و پتھری Gallstone, Colic

چیونتھس	1x
ڈائسکوریا	1x
کارڈوس میریانس	1x
کولیسٹرینم	1x

تمام دوائیں ہم مقدار ملالیں اور 10 قطرے فی خوراک 1 اونس نیم گرم پانی میں ملا کر شدت مرض کے مطابق جلد جلد دہرائیں. عام طور پر دن میں 4-3 مرتبہ استعمال کروائیں. یہ باکمال نسخہ پتے کے درد کو فوراً روکتا ہے. کچھ عرصہ متواتر استعمال کروانے سے پتہ کی پتھریاں نکل جاتی ہیں. جلد افاقے کے لیے درج ذیل نسخہ بھی اس کے ہمراہ باری باری استعمال کروائیں.

فیرم فاس	3x یا 6x
میگ فاس	3x یا 6x
کلکیریا فاس	3x یا 6x
کلکیریا فلور	3x یا 6x
نیٹرم سلف	3x یا 6x

تمام دواؤں کے سفوف باہم ملا کر یکجان کرلیں اور 7-5 گرین فی خورک دن میں 4 مرتبہ

استعمال کروائیں. بائیو کیمسٹری میں پتے کی پتھری و درد اور سوزش وغیرہ میں یہ انتہائی قابل تعریف مرکب ہے.

57. پراسٹیٹ گلینڈ Prostate Gland

1. غدہ قدامیہ کی حاد سوزش (Acute Prostatitis) کے لیے

چمافیلا	6x
سٹافی سیگیریا	6x
مرک ڈلسں	6x

ہم مقدار ملالیں اور 10 قطرے فی خوراک 1 اونس پانی میں ملا کر دن میں 5-4 مرتبہ استعمال کروائیں.

2. مزمن ورم غدہ قدامیہ (Choronic Prostatitis) کے لیے

آرم میٹ	200
کونیم	200
مرک کار	200

ہم مقدار ملالیں اور 7-5 قطرے فی خوراک 1 کپ پانی میں ملا کر روزانہ صبح و شام دیں.

3. پراسٹیٹ گلینڈ بڑھ جائے اور پیشاب دقت اور تکلیف سے قطرہ قطرہ آئے تو درج ذیل نسخہ استعمال کروائیں.

چمافیلا	3x
سابل سیرولاٹا	3x
فیرم پکریکم	3x

ہم مقدار ملالیں اور 10 قطرے فی خوراک 2 گھونٹ پانی میں ملا کر حسب شدت مرض دن میں 5-4 مرتبہ استعمال کروائیں نیز تھوجا 200 کی ایک خوراک بھی ہر ہفتے دہرائیں.

58. پسینے کی زیادتی Sweat (Excessive)

سلیشیا	6x
کلکیریا فاس	6x

کلکیریا کارب 6x

ہم مقدار ملا لیں. پسینے کی زیادتی کے لیے یہ برسوں کا آزمودہ اور بے حد کارآمد مرکب ہے. 10-8 قطرے 1 گھونٹ پانی میں ملا کر ہر 3-2 گھنٹے بعد استعمال کروائیں.

59. پلانٹیگو ڈینٹل لوشن Plantigo Dental Lotion

پلانٹیگو میجر	Q	10 ملی لٹر
بیلاڈونا	Q	10 ملی لٹر
کیمفر	Q	10 ملی لیٹر
کریا زوٹ	Q	10 ملی لٹر
گلیسرین		20 ملی لٹر

تمام دوائیں باہم ملا لیں. دانتوں اور مسوڑھوں کی جملہ تکالیف کے لیے ایک نہایت لاجواب لوشن تیار ہے. یہ دانتوں کے نئے یا پرانے، خفیف یا شدید تقریباً سبھی امراض کے لیے خارجی طور پر مستعمل ہے. شدید اور اچانک ہونے والے دانت درد میں فوری اثر دکھاتا ہے. دانتوں میں ٹھنڈا گرم لگنے کی شکایت اسکے استعمال سے بہت جلد دوٗر ہو جاتی ہے. درد کی صورت میں اس لوشن کے چند قطرے تھوڑی سی روئی پر ڈال کر متاثرہ دانت کے اردگرد اچھی طرح لگائیں اور یہی عمل برابر تھوڑے تھوڑے وقفے سے دہراتے رہیں. دیگر تکالیف میں روزانہ 3-2 مرتبہ لگوائیں اور دانتوں کو مسلسل صاف رکھنے کی ہدایت کریں.

60. پھوڑے پھنسیاں. مصفی خون Abscess, Boils Blood Purifier

1. سلیشیا	6x
فیرم فاس	6x
کالی میور	6x
ہیپر سلف	6x

تمام دواؤں کے سفوف ہموزن ملا کر یکجان کر لیں اور 6-5 گرین فی خوراک دن میں تین چار مرتبہ استعمال کروائیں اور ساتھ ہی مندرجہ ذیل مرکب بھی بطور مصفی خون دیں. انشاء اللہ بہت جلد فائدہ ہو گا.

2. یہ نسخہ آپ بیشتر جلدی عوارض میں کامیابی سے استعمال کر سکتے ہیں.

ایکینیشیا	Q
تھوجا	1x
سلفر	1x
ہائیڈروکوٹائل	Q

تمام دوائیں ہم مقدار ملالیں اور 15 قطرے فی خوراک 1 کپ ٹھنڈے پانی میں ملا کر روزانہ 3 مرتبہ دیں.

3. خون صاف کرنے والا ایک اور زود اثر مرکب

ایکی نیشیا	Q
پٹرولیم	Q
رسٹاکس	Q
سارساپریلا	Q
میزیریم	Q

ہم مقدار ملالیں. بہترین خون صافی تیار ہے.

15 قطرے فی خوراک 1 کپ ٹھنڈے پانی میں ملا کر دن میں 3 مرتبہ استعمال کروائیں.

گن پاؤڈر 3x بھی زبردست مصفی خون دوا ہے. پھوڑے پھنسیوں کے لیے اکسیر ہے. پیپ دار امراض میں مستعمل و مفید ہے.

61. پھیپھڑوں کی سوزش Inflamation of Lungs

بیلاڈونا	30
برائی اونیا	30
فاسفورس	30
کالی کارب	30

تمام دوائیں ہم مقدار ملالیں. پھیپھڑوں کے ورم اور درد کے لیے ایک لاجواب مرکب تیار ہے. 10 قطرے فی خوراک 1 اونس پانی میں ملا کر دن میں 4-3 مرتبہ استعمال کروائیں. ضدی اور

مزمن کیسوں میں یہی اجزاء 200 طاقت میں ملالیں اور 2-1 بار روزانہ استعمال کروائیں.

بیسی لینم کو پھیپھڑوں میں خون کے اجتماع کو منتشر کرنے والی دوا کہا جاتا ہے. 200 طاقت کے 5 قطرے فی خوراک ہر ہفتے دہرائیں.

62. پھیپھڑوں میں پانی Hydrothorax

اگر پھیپھڑوں میں پانی پڑ جانے کی شکایت ہو تو ذیل کی ادویہ دی ہوئی ترتیب میں صبح دوپہر شام استعمال کروائیں.

سلفر	200	صبح نہار منہ
آرسینک	200	دوپہر
برائی اونیا	200	رات

نیز درج ذیل مرکب بھی 5 قطرے فی خوراک ہفتے میں 2-1 بار دیں.

کونیم	1000
کلکیریا فلور	1000

ہم مقدار ملالیں.

63. پیاس کی زیادتی Polytypsia

گھونٹ گھونٹ یا بکثرت پانی کی بار بار طلب ہو اور شدید خشکی کا احساس خواہ منہ تک محدود ہو خواہ منہ سے مقعد تک پایا جائے. تمام کیفیات میں درج ذیل نسخہ بے حد موثر ثابت ہوا ہے.

آرسینک البم	30
برائی اونیا	30
مرک کار	30

ہم مقدار ملالیں اور 10-8 قطرے فی خوراک 1 اونس تازے پانی میں ملا کر دن میں 4-3 مرتبہ یا حسب ضرورت استعمال کروائیں.

64. پیاس کی کمی Hypotypsia

اگر پیاس معمول سے کم لگنے لگے تو ذیل میں دیا گیا مرکب بہت مفید ہوا کرتا ہے. اس کے

استعمال سے کمی پیاس کے ہمراہ پیدا ہونے والی تمام علامات درست ہو جاتی ہیں.

ایپس میلیفیکا 30
پلساٹیلا 30
جلسی میم 30

ہم مقدار ملالیں اور 10-8 قطرے فی خوراک 1 اونس پانی میں ملا کر دن میں 4-3 مرتبہ یا حسب ضرورت استعمال کروائیں.

65. پیٹ بڑھا ہوا Abdomen Enlarged

پیٹ میں چربی کا اجتماع ہو اور پیٹ بڑھ جائے تو چربی کو تحلیل کرنے اور پیٹ گھٹانے کے لئے ایک بہترین نسخہ درج ہے.

فائٹولاکا بیری 30
فاسفورس 30
کولیسٹرینم 30
فیوکس 30
چائنا 30

سب ادویات ہم مقدار ملالیں. 15-10 قطرے فی خوراک 1 کپ تازے پانی میں ملا کر یومیہ 3 مرتبہ استعمال کروائیں. یہ پیٹ اور کولہوں کی چربی کم کرنے کے لیے بے حد شاندار مرکب ہے. اس کے ہمراہ کلکیریا کارب 200 کی ایک خوراک بھی روزانہ استعمال کروائی جانی چاہیے.

66. پیٹ کے کیڑے Worms

سائنا Q
سینٹونائن Q
فلکس ماس Q

ہم مقدار ملالیں. پیٹ کے کیڑوں اور ان کے ضمنی و ظاہری اثرات کے لیے ایک بیش بہا مرکب تیار ہے. 15-10 قطرے فی خوراک 1 اونس پانی میں ملا کر دن میں 4-3 مرتبہ استعمال کروائیں اور رات سوتے وقت کیسٹر آئل پلا دیں. یہی عمل چند روز مسلسل دہرانے سے تمام

اقسام کے کیڑے مر کر خارج ہو جائیں گے.

پیٹ کے کیڑوں کے لیے ایک اور مجرب مرکب پیش ہے.

آرسینک	30
سائنا	30
نیٹرم کارب	30

ہم مقدار ملا لیں اور 5-4 قطرے فی خوراک 1 اونس پانی میں ملا کر دن میں 3 بار استعمال کروائیں.

67. پیٹ میں پانی Ascites

پیٹ میں پانی پڑ جانے کے لیے جبکہ اس کے ہمراہ جگر اور گردے بھی خراب ہو رہے ہوں. ذیل میں دیا گیا نسخہ از حد مفید و موثر ہے.

سلفر	200	صبح نہار منہ دیں
کروٹن ٹگلیم	200	رات کو دیں

اور اس کے ساتھ ہی درج ذیل مرکب بھی 15-10 قطرے فی خوراک دو گھونٹ پانی میں ملا کر روزانہ 4-3 مرتبہ دہرائیں.

بربرس ولگرس	Q
کارڈوس میریانس	Q

ہم مقدار ملا لیں.

68. پیٹ میں رسولی Abdominal Tumours

فیرم فاس	6x
کالی فاس	6x
سلیشیا	6x
کلکیریا فلور	6x

تمام ادویات کے سفوف ہموزن ملا کر یکجان کر لیں. پیٹ میں رسولی کے لیے ایک زبردست مرکب تیار ہے. 7-5 گرین فی خوراک دن میں 4 بار استعمال کروائیں. نیز اس کے

ہمراہ درج ذیل نسخے کی ایک دو خوراکیں بھی روزانہ دیں.

پوڈوفائیلم 200

سلفر 200

کالوفائیلم 200

ہم مقدار ملالیں اور 7-5 قطرے 1 کپ پانی میں ملا کر دیں.

69. پیچش Dysentery

1. بار بار تھوڑے تھوڑے پاخانے کی حاجت ہو اور ہر حاجت سے پہلے پیٹ میں درد اور مروڑ اٹھے جسے رفع حاجت سے افاقہ ہو. پرانی اور ضدی پیچش میں خصوصی طور پر مفید ایک مجرب مرکب درج ذیل ہے.

سلفر 30

نکس وامیکا 30

ہم مقدار ملا کر 7-5 قطرے فی خوراک 1 اونس تازے پانی میں ملا کر دن میں 4-3 مرتبہ استعمال کروائیں اس کے ساتھ ہی کرچی Q 15-10 قطرے فی خوراک بھی حسب ضرورت جلد جلد دہرائیں قدرے افاقہ ہو جانے پر یومیہ 3-2 بار دیں.

2. خونی پیچش کے دفعیے کے لیے دو فوری اثر مرکبات ذیل میں دیے گئے ہیں.

فیرم فاس 30

کالوسنتھ 30

مرک کار 30

ملی فولیم 30

ہم مقدار ملالیں اور 10 قطرے فی خوراک 1 کپ پانی میں ملا کر دن میں 4 مرتبہ اور حسب شدت مرض استعمال کروائیں.

3. اپی کاک 30

ایکونائٹ 30

کالوسنتھ 30

کرچی	30
کریازوٹ	30
نکس وامیکا	30

سب دوائیں ہم مقدار ملالیں. خونی پیچش کے لیے یہ انتہائی بھروسے کا نسخہ ہے. 12-10 قطرے فی خوراک 1 کپ تازے پانی میں ملا کر حسب ضرورت یا 4-3 مرتبہ روزانہ استعمال کروایا جائے.

70. پیدائشی کمزوریاں Inborn Deficiencies

کالی فاس	6x
کلکیریا فاس	6x
فیرم فاس	6x
سلیشیا	6x

تمام سفوف ادویہ باہم ہموزن ملا کر یکجان کر لیں. پیدائشی کمزوریاں دور کرنے کے لیے ایک بے مثال ٹانک تیار ہے. یہ قبل از وقت پیدا ہونے والے بچوں یا پیدائشی طور پر کمزور بچوں میں خون کی مقدار بڑھانے اور ان کی عمومی صحت کی بحالی میں معاون و مددگار مرکب ہے. عمر کے مطابق 2 سے 5 گرین فی خوراک دن میں 4 دفعہ استعمال کروائیں. آپ اس کے نتائج دیکھ کر حیران رہ جائیں گے.

71. پیشاب اور پیشاب کی نالی Urine • Urinary Track

A. بکثرت اور بار بار پیشاب آنے (Polyuria) کے لیے ایک مفید و موثر نسخہ

ایکو نائٹ	6x
بیلاڈونا	6x
نیٹرم فاس	6x

تمام دوائیں ہم مقدار ملالیں اور 10 قطرے فی خوراک 1 اونس پانی میں ملا کر دن میں 4-3 مرتبہ استعمال کروائیں اور ساتھ ہی درج ذیل مرکب بھی 7-5 قطرے فی خوراک روزانہ 2-1 مرتبہ دیں.

آرسینک 200

جلسی میم 200

ہم مقدار ملالیں۔

B. بکثرت اور بار بار پیشاب آنے (Polyuria) کے لیے ایک اور لاجواب نسخہ۔

آرجنٹم نائٹریکم 200

ایسڈ فاسفورک 200

کاسٹیکم 200

ہم مقدار ملالیں اور 7-5 قطرے فی خوراک دو گھونٹ پانی میں ملا کر صبح و شام دن میں 2 مرتبہ دیں اور ساتھ ہی درج ذیل بائیو کیمک مرکب 6-5 گرین فی خوراک روزانہ 4 مرتبہ استعمال کروائیں۔

کالی فاس 6x

کلکیریا فاس 6x

نیٹرم فاس 6x

نیٹرم میور 6x

تمام ادویات کے سفوف ہموزن ملا کر باہم یکجان کرلیں۔

C. پیشاب کی بندش (Dysuria) پیشاب کی کمی اور پیشاب قطرہ قطرہ درد اور جلن کے ہمراہ یا بغیر آنے کے لیے ایک اکسیر مرکب ذیل میں دیا گیا ہے۔

کینتھرس 3x

سولی ڈیگو 3x

سائبل سیرولاٹا 3x

میگ فاس 3x

ہم مقدار ملالیں۔ 10 قطرے فی خوراک 1 اونس پانی میں ملا کر روزانہ 4-3 مرتبہ یا حسب شدت مرض استعمال کروائیں۔

D. تقطیرالبول اور پیشاب کی بندش (Dysuria) کا ایک اور بے مثال نسخہ ذیل میں پیش ہے۔

بربرس ولگرس Q

پریرابریوا Q

سب دوائیں برابر مقدار میں ملا لیں۔ شدید اور پرانی قبض کے لیے یہ نہایت بھروسے کا نسخہ ہے۔ 15 قطرے فی خوراک 1 کپ تازے پانی میں ملا کر روزانہ 2 بار دیں۔ نیز اس کے ہمراہ مندرجہ ذیل بائیو کیمک مرکب بھی 6-5 گرین فی خوراک تھوڑے سے نیم گرم پانی کے ساتھ دن میں 4 مرتبہ استعمال کروائیں۔

کلکیریا فلور	6x
نیٹرم میور	6x
نیٹرم سلف	6x
سلیشیا	6x

تمام سفوف ہم مقدار ملا لیں۔

B. قبض کے فوری ازالے کے لیے ایک نادر روزگار نسخہ درج ذیل ہے۔

برائی اونیا	Q
کالن سونیا	Q
کیسکارا سیگراڈا	Q
نکس وامیکا	Q
ہائیڈراسٹس	Q

سب مدر ٹنکچرز برابر مقدار میں ملالیں اور روزانہ رات کو سوتے وقت 25-20 قطرے 1 کپ نیم گرم پانی میں ملا کر پلائیں۔
صبح نہار منہ باسی پانی کے ایک دو گلاس اور رات کے وقت نیم گرم پانی کا ایک گلاس پینا بھی قبض کے لیے بہت مفید و موزوں ہوتا ہے۔

136. قوت شامہ Sense of Smell

A. اگر سونگھنے کی حس میں کمی واقع ہو جائے تو ذیل کا نسخہ از حد افادیت کا حامل ہوا کرتا ہے۔

الیومنا	6 یا 6x
سائیکلیمن	6 یا 6x
ہیپر سلف	6 یا 6x

تینوں دوائیں برابر مقدار میں ملالیں اور 10 قطرے فی خوراک تھوڑے سے پانی میں ملا کر یومیہ 4-3 مرتبہ استعمال کروائیں۔

B. سونگھنے کی حس میں اگر اضافہ ہو جائے جو پریشان کن ہو تو اس کی درستگی کے لیے مندرجہ ذیل مرکب نہایت کارآمد ہوا کرتا ہے۔

آرسینک البم	6x
کاپیکم	6x
کیمومیلا	6x

ہم مقدار ملالیں اور 10 قطرے فی خوراک دو گھونٹ تازے پانی میں ملا کر دن میں 4-3 بار دیں۔

137. قے و متلی Nausea - Vomiting

A. ذیل کا نسخہ ہر طرح کی قے اور متلی کے لیے مجرب الجرب ہے' یہ حاملہ کی متلی اور قے میں بھی خصوصی طور پر موثر ثابت ہوتا ہے۔

اپی کاک	3x
آرسینک البم	3x

سمفوری کارپس 3x

لوبیلیا انفلاٹا 3x

چاروں اجزاء برابر مقدار میں ملالیں. 12-10 قطرے فی خوراک تھوڑے سے پانی میں ملا کر حسب ضرورت یا دن میں 4-3 دفعہ استعمال کروائیں.

B. جگر کی خرابیوں کے ہمراہ صفراوی سبز یا پیلی قے کے لیے ایک اکسیر نسخہ درج ذیل ہے.

برائی اونیا 3x

چیلیڈونیم 3x

کارڈوس میریانس 3x

تینوں دوائیں ہم مقدار ملالیں اور 10 قطرے فی خوراک ۱ اونس پانی میں ملا کر شدت علامات کے مطابق دن میں 4 سے 8 مرتبہ استعمال کروایا جا سکتا ہے.

C. تیزابی' ترش اور کھٹی قے کے لیے ذیل کا مرکب بے حد نافع ہوا کرتا ہے.

آئرس ورسی کالر 6x

کلکیریا کارب 6x

نیٹرم فاس 6x

برابر مقدار میں ملالیں اور 10 قطرے فی خوراک ۱ کپ پانی میں ملا کر حسب ضرورت دن میں 4 سے 8 دفعہ دہرائیں.

D. خونی قے کے لیے بارہا کا آزمودہ ایک موثر نسخہ مندرجہ ذیل ہے.

آرسینک البم 30

فیرم فاس 30

ہمامیلس 30

تینوں دوائیں برابر مقدار میں ملالیں اور 10 قطرے فی خوراک تھوڑے سے پانی میں ملا کر شدت تکلیف کے مطابق جلد جلد یا دن میں 4-3 مرتبہ استعمال کروائیں.

E. معدے کی خرابی اور تحریک سے پیدا شدہ متلی اور قے کی شکایت میں یہ مرکب استعمال کروانا بے حد سود مند ثابت ہوتا ہے.

آرسینک البم	3x یا 30
نکس وامیکا	3x یا 30
اپی کاک	3x یا 30
پلساٹیلا	3x یا 30

تمام دوائیں ہم مقدار ملالیں اور 12-10 قطرے فی خوراک 1 اونس نیم گرم پانی میں ملا کر حسب ضرورت دن میں 4 سے 8 دفعہ استعمال کروائیں۔

F. دوران سفر یا حرکت کرنے سے ہونے والی متلی، قے اور چکروں کی شکایت رفع کرنے والا ایک بے مثال مرکب ذیل میں پیش ہے۔

اپی کاک	30
برائی اونیا	30
کاکیولس	30
نکس وامیکا	30

چاروں اجزاء برابر مقدار میں ملالیں اور 12-10 قطرے فی خوراک تھوڑے سے پانی میں ملا کر حسب ضرورت جلد جلد استعمال کروائیں۔ سفر کرنے سے پہلے اس کی ایک خوراک بطور حفظ ماتقدم بھی استعمال کروائی جاسکتی ہے۔

138. کان کا درد و کان کا بہنا — Otalgia - Otorrhoea

A. بیلاڈونا	3x
پلساٹیلا	3x
فیرم فاس	3x
کیمومیلا	3x

برابر مقدار میں ملالیں اور 15-10 قطرے فی خوراک 1 اونس تازے پانی میں ملا کر شدید درد کی حالت میں ہر پندرہ منٹ بعد دیں۔ قدرے افاقہ ہو جائے تو دن میں 4 مرتبہ استعمال کروائیں۔

B. کانوں میں دھڑکن اور درد کے لیے ایک معتبر اور موثر نسخہ درج ذیل ہے۔

بیلاڈونا	30
گلونائن	30
فیرم فاس	30
مرکسال	30

چاروں اجزاء ہم مقدار ملالیں اور 12-10 قطرے فی خوراک 1 اونس تازے پانی میں ملا کر حسب شدت تکلیف دن میں 4 سے 8 مرتبہ دیں۔

C. کانوں سے مواد اور پیپ کے اخراج کو فوراً روکنے والا ایک سریع الاثر نسخہ۔

سلیشیا	200
کالی میور	200
ہیپر سلف	200

برابر مقدار میں ملالیں اور 10-8 قطرے فی خوراک تھوڑے سے پانی میں ملا کر شدت علامات کے مطابق دن میں 3-2 بار دیں۔

درد و پیپ ہر دو حالتوں میں "ملین ایئر ڈراپس" بھی کانوں میں ڈالنے کے لیے دیں۔ نسخہ آئندہ صفحات میں درج ہے۔

139. کتے کا کاٹا Dog Bite

اگر کتنے کے کاٹے کے بعد یہ معلوم نہ ہو سکے کہ کتا ٹھیک تھا یا پاگل تو ذیل کا نسخہ استعمال کروائیں۔ ایسے مریض جن میں ہلکاۓ کتے کے کاٹے کی علامات ظاہر ہوں اس نسخے سے خصوصی طور پر مستفید ہوتے ہیں۔

سٹرامونیم	200
ہائیڈرو فوبینم	200

دونوں دوائیں ہم مقدار ملالیں اور 7-5 قطرے فی خوراک دو گھونٹ پانی میں ملا کر چند دنوں تک روزانہ دیں پھر ہفتے میں 3-2 بار اور پھر رفتہ رفتہ بند کر دیں۔ ان دواؤں کے معجزنما اثرات سے خطرہ مستقل طور پر ٹل جاتا ہے۔

140. کمر کا درد — Backache

A. رہسٹاکس 6x
کلکیریا فاس 6x
کلکیریا فلور 6x
نیٹرم سلف 6x

چاروں اجزاء برابر مقدار میں ملا لیں۔ ہر قسم کے درد کمر کے لیے ایک لاجواب نسخہ تیار ہے۔ 15-10 قطرے فی خوراک تھوڑے سے پانی میں ملا کر دن میں 4 دفعہ یا حسب شدت درد جلد جلد استعمال کروائیں۔

B. خصوصاً مستورات میں کمر میں کمزوری اور درد کے لیے دو مجرب نسخہ جات درج ذیل ہیں۔

اسکیولس 30
چائنا 30
کالی کارب 30

برابر مقدار میں ملا لیں اور 10 قطرے فی خوراک 1 اونس تازے پانی میں ملا کر شدت علامات کے مطابق دن میں 3 سے 6 دفعہ استعمال کروائیں۔ یا

سیپیا 30
کالو فائیلم 30
ہیلونیاس 30

برابر مقدار میں ملا لیں اور 10 قطرے فی خوراک 1 کپ پانی میں ملا کر حسب شدت تکلیف یومیہ 3 سے 6 مرتبہ استعمال کروائیں۔

خارجی طور پر مساج کے لیے "بیک پین لنے منٹ" کا نسخہ پچھلے صفحات میں ملاحظہ فرمائیں۔

141. کمی بھوک' وزن وغیرہ — Loss of Appetite, Weight e.t.c.

الفلفا Q 2 حصے

جنشیانا	Q	1 حصہ
ایسڈ فاس	Q	1 حصہ
چائنا	Q	1 حصہ

تمام مدر ٹنکچرز باہم ملالیں. بھوک اور وزن کی کمی کے لئے ایک زوداثر مرکب تیار ہے.

15-20 قطرے فی خوراک 1 کپ نیم گرم پانی میں ملا کر صبح دوپہر شام ہر کھانے سے 1/2 گھنٹہ پیشتر استعمال کروائیں اور کم از کم چھ ہفتے یہی علاج جاری رکھیں. یہ بھوک اور وزن بڑھانے کے لیے ایک بے مثال نسخہ ہے.

مرچوں کے شوقین لوگ اگر مرچیں کھانا کم کر دیں تو ان کی بھوک میں نمایاں کمی آ جاتی ہے. ایسے مریضوں کا علاج کرتے وقت "کیپسیکم" کو بھی مدنظر رکھیں.

142. کن پیڑے، کلسوئے Mumps

A. آئیوڈیم	30
بیلاڈونا	30
پلساٹیلا	30
مرکسال	30

چاروں دوائیں برابر مقدار میں ملالیں. یہ کن پیڑوں اور اس سے متعلقہ دیگر علامات کے لیے بے حد مفید و موثر نسخہ ہے. 10-12 قطرے فی خوراک تھوڑے سے پانی میں ملا کر دن میں 2-4 بار دیں اور ساتھ ہی مندرجہ ذیل بائیوکیمک مرکب بھی 5 گرین فی خوراک دن میں 4 دفعہ استعمال کروائیں.

فیرم فاس	6x
کالی میور	6x
کلکیریا فلور	6x

تینوں دواؤں کے سفوف باہم برابر مقدار میں ملالیں.

B. کن پیڑوں کے لیے ایک اور باکمال مرکب درج ہے.

اینٹم کروڈ	30

پلسٹیلا	30
بیلاڈونا	30
فاسفورس	30
کونیم	30
کینتھرس	30
ہیپر سلف	30

تمام دوائیں برابر مقدار میں ملالیں اور 15 قطرے فی خوراک تھوڑے سے پانی میں ملا کر یومیہ 4'3 مرتبہ استعمال کروائیں. کن پیڑے اور اس سے متعلقہ تمام علامات خصوصی طور پر اس اکسیر صفت مرکب کے شافی احاطہ اثر میں آتی ہیں.

143. کوڑھ. جذام Leprosy

بیسی لینم	200
میلنڈرینم	200
ویکسی نائینم	200

دی ہوئی ترتیب میں 5 قطرے فی خوراک فی دوا دو گھونٹ پانی میں ملا کر ہر ہفتے باری باری استعمال کروائیں اور ساتھ ہی ہائیڈرو کوٹائل Q 10 قطرے فی خوراک 1 اونس تازے پانی میں ملا کر دن میں 3 بار دیں. یہ علاج کئی ماہ لگاتار جاری رکھیں.

144. کولیسٹرول کی زیادتی Cholestrol Level

فاسفورس	30
فائیٹولیکا	30
کولیسٹرینم	30

برابر مقدار میں ملالیں. اگر خون میں کولیسٹرول کی مقدار بڑھ جائے تو یہ مرکب بے حد سود مند ثابت ہوتا ہے. اس کے استعمال سے چند ہی روز میں کولیسٹرول لیول کم ہو جاتا ہے اور اس سے متعلقہ تمام تکالیف رفع ہو جاتی ہیں. 12-10 قطرے فی خوراک 1 کپ پانی میں ملا کر روزانہ 4-3 مرتبہ دیں.

145. کھانسی بلغمی — Productive Cough

اپی کاک	30
اینٹم ٹارٹ	30
بیلاڈونا	30
جسٹیشیا	30

برابر مقدار میں ملالیں. ہر قسم کی بلغمی کھانسی کے لیے اکسیر مرکب تیار ہے. 10 قطرے فی خوراک تھوڑے سے نیم گرم پانی میں ملا کر شدید کیفیات میں ہر دو گھنٹے بعد اور عام طور پر دن میں 4 مرتبہ دیں. نیز اس کے ہمراہ مندرجہ ذیل بائیوکیمک مرکب بھی 5 گرین فی خوراک یومیہ 4 دفعہ استعمال کروائیں.

کالی سلف	6x
نیٹرم سلف	6x
نیٹرم میور	6x
سلیشیا	30

تمام سفوف ادویہ برابر مقدار میں ملالیں.

146. کھانسی خشک — Dry Cough

خشک کھانسی کے لیے دو مفید ترین مرکبات درج ذیل ہیں.

A. آرسینک البم	200
برائی اونیا	200
فاسفورس	200

ہم مقدار ملالیں. 10-8 قطرے فی خوراک تھوڑے سے پانی میں ملا کر دن میں 3'2 بار دیں. یہ مرکب مزمن قسم کی خشک کھانسی میں خصوصی طور پر موثر ہوا کرتا ہے.

B. ایکونائٹ	30
بیلاڈونا	30
سپونجیا	30

کاربوویج	30
کاسٹیکم	30

تمام دوائیں برابر مقدار میں ملا لیں. خشک کھانسی کے لیے یہ انتہائی زود اثر نسخہ ہے.
10-15 قطرے فی خوراک 1 اونس تازے پانی میں ملا کر شدت علامات کے مطابق جلد جلد دیں.
قدرے افاقہ ہونے پر دن میں 3'4 مرتبہ استعمال کروائیں.

147. کالی کھانسی Whooping Cough

A. اپی کاک	30
کاربوویج	30
میگ فاس	30

ہم مقدار ملا لیں اور 10 قطرے فی خوراک دو گھونٹ پانی میں ملا کر حسب شدت علامات دن میں 4 سے 8 مرتبہ دہرائیں. نیز اس کے ہمراہ آرنیکا 1M کی ایک خوراک بھی ہفتے میں 1-2 بار دیں.

B. کالی کھانسی کے لیے ایک اور سریع التاثیر مرکب مندرجہ ذیل ہے.

برائی اونیا	200
بیسی لینم	200
بیلاڈونا	200

برابر مقدار میں ملا لیں. 5-7 قطرے کی ایک خوراک روزانہ دیں اور ساتھ ہی ڈروسرا 30 بھی دن میں 3 مرتبہ استعمال کروائیں.

148. کھانسی کا شربت Cough Syrup

ہر قسم کی خشک و بلغمی کھانسی سے فوری سکون کی دوا' یہ حلق' ہوا کی نالیوں اور پھیپھڑوں سے بلغمی اور خراش داد مواد کو ختم کر کے کھانسی اور اس کی متعلقہ تکالیف سے بہت جلد نجات دلاتا ہے. انتہائی قابل اعتماد اور کار آمد نسخہ ہے.

اپی کاک	3x	10 ملی لٹر
برائی اونیا	3x	10 ملی لٹر

بیلاڈونا	3x	10 ملی لٹر
سینیگا	3x	10 ملی لٹر
جنشیا	6x	10 ملی لٹر
یوکلپٹس	1x	10 ملی لٹر

سیرپ بیس۔ 950 ملی لٹر (سیرپ بیس بازار سے بنی بنائی مل جاتی ہے۔ اگر دستیاب نہ ہو تو چینی کا شربت پکالیں اور اس میں حسب ضرورت خوردنی رنگ، خوشبو اور ذائقہ ملالیں) تمام دوائیں سیرپ بیس میں ملا کر اچھی طرح ہلالیں۔ کھانسی کا بہترین شربت تیار ہے۔ صاف شدہ خشک بوتلوں میں بھر کر لیبل لگادیں۔

ایک بڑا چمچ صبح دوپہر شام یا حسب ضرورت استعمال کروائیں۔

149. کیڑوں کا بخار Fever Due To Worms

اگر پیٹ میں کیڑوں کی وجہ سے بخار ہو جائے تو مندرجہ ذیل مرکب کے استعمال سے کیڑے مر کر خارج ہو جاتے ہیں اور بخار اتر جاتا ہے۔

سائنا	30
سینٹو نائن	30
مرک کار	30

برابر مقدار میں ملالیں اور 10 قطرے فی خوراک 1 کپ پانی میں ملا کر دن میں 4'3 مرتبہ دیں۔

150. کیل مہاسے Acne, Pimples

A. ایسٹریاز روبنس	1x
بربرس ایکوئیفولیم	1x
کالی بروم	1x

ہم مقدار ملالیں۔ چہرے کے دانوں اور کیل مہاسوں وغیرہ کے لیے ایک گرانقدر نسخہ تیار ہے۔ 10 قطرے فی خوراک 1 اونس تازے پانی میں ملا کر دن میں 4'3 مرتبہ استعمال کروائیں۔

B. چہرے کے پرانے اور ضدی قسم کے کیل مہاسوں کے لیے ایک مجرب الجرب نسخہ پیش ہے۔

بیلاڈونا	30
ریڈیم بروم	30
کالی بروم	30

تینوں دوائیں برابر مقدار میں ملالیں اور 10 قطرے فی خوراک 1 کپ پانی میں ملا کر یومیہ 3 بار دیں۔

خارجی استعمال کے لیے ملاحظہ ہو "فیس کیئر لوشن" جس کا نسخہ پچھلے صفحات میں تحریر ہے۔

151. گردن کے مسلز (پٹھے) Neck Muscles

گردن کے مسلز میں درد، اکڑاؤ اور کھنچاؤ کے لیے ایک تیر بہدف نسخہ درج ذیل ہے۔

آرنیکا	200
بیلاڈونا	200
جلسی میم	200

ہم مقدار ملالیں اور 10، 8 قطرے فی خوراک تھوڑے سے پانی میں ملا کر شدت تکلیف کے مطابق دن میں 3، 2 بار استعمال کروائیں۔ نیز اس کے ہمراہ درج ذیل بائیو کیمک مرکب بھی 5 گرین فی خوراک یومیہ 4 مرتبہ دیں۔

فیرم فاس	6x
کالی فاس	6x
میگ فاس	6x

تینوں دواؤں کے سفوف ہموزن ملالیں۔

مقامی طور پر آرنیکا آئنٹمنٹ کا مساج بھی کروائیں نسخہ پچھلے صفحات میں درج ہے۔

152. گردے کی تکالیف Kidney Affecttions

A. گردے میں درد اور پتھری (Renal Colic. Calculi) کے لیے ایک سودمند اور زود اثر مرکب مندرجہ ذیل ہے۔

آرنیکا یورنز	Q
بربرس ولگرس	Q

پریرابریوا	Q
تھلاسپی برسا	Q
ہائیڈرنجیا	Q
روبیا ٹنکٹورا	Q
سارساپریلا	Q

سب مدر ٹنکچرز برابر مقدار میں ملا لیں. 25-40 قطرے فی خوراک 1 کپ تازے پانی میں ملا کر دن میں 4 مرتبہ دینے سے ہر قسم کی پتھری ریزہ ریزہ ہو کر خارج ہو جاتی ہے. شدید درد کی صورت میں یہی مرکب نیم گرم پانی میں ملا کر تھوڑے تھوڑے وقفے سے دہرائیں.

فاسفیٹ کی پتھری (Phosphate) کے لیے ذیل کا مرکب بھی مندرجہ بالا نسخے کے ہمراہ دن میں 4 دفعہ استعمال کروائیں.

ایسڈ فاس	6x
کلکیریا فاس	6x

برابر مقدار میں ملا لیں. 10 قطرے فی خوراک 1 اونس پانی میں ملا کر دیں. اور اگر پتھری آگزیلک ایسڈ (Oxalic Acid) کی ہو جو بے حد سخت ہوتی ہے تو مندرجہ بالا نسخے کے ہمراہ ذیل کا مرکب استعمال کروانا زیادہ بہتر ہوتا ہے.

سلیشیا	6x
کلکیریا فلور	6x

دونوں دواؤں کے سفوف ہموزن ملا لیں اور 5 گرین فی خوراک یومیہ 4 مرتبہ دیں.

B. ذیل کا نسخہ گردے کی پتھری خارج ہونے کے بعد مستعمل و مفید ہوتا ہے. یہ گردوں میں بار بار پتھری بننے کے رجحان کو ختم کر دیتا ہے. نیز پتھری نکلنے سے جو خلا بن جاتا ہے اس نسخے کے استعمال سے وہ بہت جلد پر ہو جاتا ہے.

کلکیریا کارب	3x
کلکیریا رینیلس	3x
کلکیریا فاس	3x
ارٹیکا یورنز	3x

تمام دوائیں ہم مقدار ملالیں۔ 12-10 قطرے فی خوراک 1 کپ پانی میں ملا کر دن میں 4'3 دفعہ کچھ عرصہ لگاتار استعمال کروائیں۔

C. گردے کے شدید اور اچانک درد میں جب گرم ٹکور تکلیف دہ ہو تو

ایکونائٹ	1M
بیلاڈونا	1M

باہم برابر مقدار میں ملا کر 7-5 قطرے فی خوراک پندرہ بیس منٹ کے وقفے سے دہرائیں۔ انشاء اللہ ایک دو خوراکوں سے ہی آرام ہو جائے گا۔

D. اگر سردی سے تکلیف بڑھے اور گرم ٹکور سے افاقہ ہو تو

کالوسنتھ	CM
میگ فاس	3x

ایک خوراک دیں اور 5 گرین تھوڑے سے نیم گرم پانی کے ساتھ بار بار مکمل آرام آنے تک استعمال کروائیں۔

E. گردوں کی خرابی کے باعث پیشاب میں البیومن کا اخراج (Albuminuria) ہو رہا ہو تو ذیل کا نسخہ بے حد افادیت کا حامل ہوا کرتا ہے۔

آرسینک البم	30
کالمیا	30
مرک کار	30

برابر مقدار میں ملالیں اور 10 قطرے فی خوراک تھوڑے سے پانی میں ملا کر یومیہ 4'3 مرتبہ دیں۔

F. گردوں کی سوزش (Nephritis) میں ذیل کا مرکب بے مثال ثابت ہوتا ہے۔ خصوصاً جب استسقائی کیفیات نمایاں ہوں تو اس کے شفائی اثرات اور بھی بڑھ جاتے ہیں۔

ایپس میلیفیکا	3x
اپوسائنم کین	3x
آرسینک البم	3x
ڈیجیٹیلس	3x

ہیلی بورس 3x

تمام اجزاء برابر مقدار میں ملالیں۔ 15 قطرے فی خوراک 1 اونس پانی میں ملا کر دن میں 4'3 دفعہ استعمال کروائیں۔

G. اگر گردے سکڑ کر چھوٹے ہو جائیں تو ذیل کا نسخہ اکثر بہترین ہوا کرتا ہے۔

پلمبم 30

ڈیجی ٹیلس 30

چینینم سلف 30

ہم مقدار ملالیں اور 10 قطرے فی خوراک 1 کپ تازے پانی میں ملا کر روزانہ 4'3 مرتبہ دیں۔

153. گردن توڑ بخار Meningitis

A. فیرم فاس 6x

کالی فاس 6x

کالی میور 6x

میگ فاس 6x

سلیشیا 6x

سب دواؤں کے سفوف برابر مقدار میں ملالیں۔ یہ گردن توڑ بخار (مینجائٹس) کے لیے نہایت اعلیٰ درجے کا نسخہ ہے۔ 7'5 گرین فی خوراک حسب شدت علامات جلد جلد یا دن میں 4 مرتبہ دیں اور اس کے ساتھ ہی مندرجہ ذیل نسخہ بھی 10۔8 قطرے فی خوراک تھوڑے سے پانی میں ملا کر روزانہ 2۔1 بار استعمال کروائیں۔

بیلاڈونا 200

نیٹرم سلف 200

نکس وامیکا 200

تینوں دوائیں برابر مقدار میں ملالیں۔

B. مینجائٹس اور سوزش دماغ کے لیے ایک اور سریع الاثر مرکب درج ذیل ہے۔

ایپس ملیفیکا	30
سائی کوٹاویروسا	30
ہیلی بورس	30

ہم مقدار ملالیں اور 10 قطرے فی خوراک تھوڑے سے پانی میں ملا کر شدت علامات کے مطابق دن میں 3 سے 6 مرتبہ استعمال کروائیں.

گردن توڑ بخار کو اگر اینٹی بائیوٹک ادویات سے دبا دیا جائے تو اس سے دماغ ہمیشہ کے لیے متاثر ہو سکتا ہے.

154. گلے کی خرابیاں Throat Disorders

A. گلے کے غدودوں میں انفیکشن کے باعث گلے پھولے ہوئے (Tonsilitis) اور بخار جو روز بروز خصوصاً رات کے وقت بڑھتا جائے. حاد تکالیف کے لیے ایک گرانقدر نسخہ پیش ہے.

ہیپر سلف	30
بیلاڈونا	30
برائٹا کارب	30
فائٹولیکا	30

چاروں اجزاء برابر مقدار میں ملالیں. 12-10 قطرے فی خوراک 1 اونس پانی میں ملا کر حسب ضرورت یا دن میں 4-3 مرتبہ دیں اور اس کے ساتھ ہی درج ذیل بائیو کیمک مرکب بھی باری باری استعمال کروائیں.

فیرم فاس	6x
کلکیریا فاس	6x
کلکیریا فلور	6x
کالی میور	6x
سلیشیا	6x

تمام سفوف ادویہ ہموزن ملا کر یکجان کرلیں اور 7-5 گرین فی خوراک یومیہ 4 بار دیں.

B. گلے میں سوزش، اور درد کے لیے ایک اکسیر نسخہ جبکہ رجحان خون گلے کی جانب ہو.

آرنیکا	200
ایکونائٹ	200
بیلاڈونا	200
کاسٹیکم	200

برابر مقدار میں ملالیں. 12-10 قطرے فی خوراک تھوڑے سے پانی میں ملا کر دن میں 2-1 مرتبہ یا حسب شدت علامات جلد جلد استعمال کروائیں.

C. جب گلے کی خرابی کے ہمراہ نزلاتی کیفیات بھی ہوں تو ذیل کا نسخہ زیادہ موثر ثابت ہوتا ہے.

برائٹا کارب	30
بیلاڈونا	30
کاسٹیکم	30
کالی میور	30

چاروں دوائیں ہم مقدار ملالیں اور 15-10 قطرے فی خوراک 1 اونس تازے پانی میں ملا کر حسب ضرورت تھوڑے تھوڑے وقفے سے یا دن میں 4 مرتبہ دہرائیں.

D. گلے کی مزمن خرابی (سوزش، درد اور خراش وغیرہ) جبکہ بات کرنی بھی مشکل ہو تو ان تکالیف کے لیے ایک مجرب اور مفید نسخہ مندرجہ ذیل ہے.

آرسینک البم	200
برائی اونیا	200
بیسی لینم	200
بیلاڈونا	200
جلسی میم	200

سب دوائیں برابر مقدار میں ملالیں. 10-8 قطرے فی خوراک تھوڑے سے پانی میں ملا کر روزانہ 1 بار دیں اور ساتھ ہی پیچھے (A. کے تحت) دیا گیا بائیوکیمک مرکب بھی دن میں 4 مرتبہ استعمال کروائیں.

155. گوہانجنی Stye

پلساٹیلا	3x
سٹافی سیگیریا	3x
فیرم فاس	3x
کالی میور	3x

چاروں اجزاء برابر مقدار میں ملا لیں. گوہانجنیوں کے لیے ایک خاص الخاص مرکب تیار ہے. 15-10 قطرے فی خوراک 1 اونس پانی میں ملا کر دن میں 4 بار دیں.

156. گیسٹرک ٹانک Gastric Tonic

جن لوگوں کو اکثر بدہضمی کی شکایت رہتی ہو' کھٹی ڈکاریں آتی ہوں' پیٹ میں ہوا بکثرت بنتی ہو اور ذرا سی بدپرہیزی سے نظام ہضم درہم برہم ہو جاتا ہو' گیسٹرک ٹانک ایسے لوگوں میں معدے اور پیٹ کے جملہ نقائص دور کر کے نظام ہضم کو درست کرنے میں لاجواب ثابت ہوتا ہے.

اسافوٹیڈا	3x
ایسڈ سلف	3x
لائیکوپوڈیم	3x
نکس وامیکا	3x
کیپسیکم	3x
نیٹرم فاس	3x
میگ فاس	3x

سب دوائیں برابر مقدار میں ملا لیں. گیسٹرک ٹانک تیار ہے. 15 قطرے فی خوراک 1 کپ نیم گرم پانی میں ملا کر دن میں 4-3 مرتبہ کچھ عرصہ لگاتار استعمال کروائیں. ثقیل' دیر ہضم اور مرغن غذاؤں سے پرہیز لازم ہے.

Chicken Pox

157. لاکڑا کاکڑا

لاکڑا کاکڑا کے علاج میں سب سے پہلے ویریو لائنم 200 کی ایک خوراک دیں بعدہ مندرجہ ذیل مرکب استعمال کروائیں اس سے یہ مرض بغیر کسی تکلیف کے زمانہ ء خصانت پورا کرلیتا ہے. علامات میں تخفیف ہونے پر دوا بند کردیں.

آرسینک البم	30
اینٹم ٹارٹ	30
فیرم فاس	30
رہسٹاکس	30

چاروں اجزاء ہم مقدار ملالیں اور 12-10 قطرے فی خوراک تھوڑے سے پانی میں ملا کر آغاز میں جلد جلد اور پھر دن میں 4-3 مرتبہ دیں.

Pancreas, Affections

158. لبلبے کی خرابیاں

لبلبے (پنکریاز) کی جملہ خرابیوں کے لیے مفید و موثر ایک مرکب درج ذیل ہے.

آئرس ورسی کالر	30
آرسینک البم	30
مرکسال	30

برابر مقدار میں ملالیں اور 10 قطرے فی خوراک 1 اونس تازے پانی میں ملا کر دن میں 4-3 دفعہ استعمال کروائیں.

Facial Paralysis

159. لقوہ

جلسی میم	200
رہسٹاکس	200
کاسٹیکم	200
کالی فاس	200

چاروں اجزاء برابر مقدار میں ملالیں. لقوے کے لیے ایک نہایت اعلی مرکب تیار ہے.

12-10 قطرے فی خوراک تھوڑے سے نیم گرم پانی میں ملا کر شروع علاج میں جلد جلد اور بعد ازاں دن میں 2 بار استعمال کروائیں۔

160. لیکوریا۔ سیلان الرحم Leucorrhoea

A. ہر طرح کے سیلان الرحم کے لیے دو مجرب اور شافی مرکبات درج ذیل ہیں۔ دونوں نسخے ایک ساتھ باری باری بھی استعمال کروائے جا سکتے ہیں۔

الیومنا	30
پلساٹیلا	30
سیپیا	30
کریازوٹ	30

ہم مقدار ملا لیں۔ 15-10 قطرے فی خوراک تھوڑے سے پانی میں ملا کر دن میں 4-3 مرتبہ یا شدت علامات کے مطابق جلد جلد دہرائیں۔

B. اواٹیسٹا	3x
بوریکس	3x
کلکیریا فاس	3x
نیٹرم میور	3x

سب دواؤں کے سفوف ہموزن ملا لیں اور 7-5 گرین فی خوراک یومیہ 4 مرتبہ یا حسب شدت علامات تھوڑے تھوڑے وقفے سے استعمال کروائیں۔

161. ماؤتھ کیئر لوشن Mouth Care Lotion

منہ، زبان اور حلق میں سوزش اور زخم نیز منہ آنے یا منہ کے چھالوں کے لیے "ماؤتھ کیئر لوشن" حیران کن نتائج کی حامل دوا ہے۔ یہ منہ کی بدبو اور جراثیم وغیرہ ختم کرنے کے لیے یقینی طور پر موثر ہے۔

ایکیشیا	Q	1 حصہ
بوریکس	Q	1 حصہ
ہائیڈروکوٹائل	Q	1 حصہ

ہائیڈراسٹس	Q	1 حصہ
گلیسرین خالص		2 حصے

تمام اجزاء باہم ملا کر یکجان کر لیں اور دن میں 3 مرتبہ انگلی یا روئی کی مدد سے متاثرہ مقام پر اچھی طرح لگائیں۔

162. مثانے کے مسائل Bladder, Disorders

A. مثانے میں درد، جلن اور سوزش وغیرہ جیسی علامات کے لیے مندرجہ ذیل نسخہ اکسیر ثابت ہوتا ہے۔

اووا ارسی	30
تھوجا	30
کیپسیکم	30
کینتھرس	30

برابر مقدار میں ملا لیں اور 15-10 قطرے فی خوراک 1 اونس تازے پانی میں ملا کر حسب ضرورت یا دن میں 4-3 مرتبہ دہرائیں۔

B. مثانے کے فالج میں جب پیشاب روکنا دشوار ہو اور پیشاب قطرہ قطرہ ٹپکتا رہے تو ذیل کا مرکب مستعمل و مفید ہوا کرتا ہے۔

آرسینک البم	2x
ایکویزیٹم	1x
کینتھرس	2x
ورباسکم	1x

چاروں اجزاء برابر مقدار میں ملا لیں۔ 15-10 قطرے فی خوراک تھوڑے سے نیم گرم پانی میں ملا کر دن میں 4 دفعہ یا شدت علامات کے مطابق جلد جلد دہرائیں۔

163. مرگی Epilepsy

A. مرگی کے علاج کے لیے بہترین اور اعلیٰ درجے کے نسخہ جات مندرجہ ذیل ہیں۔

ابسنتھیم	6

اوسمی کروکاٹا	6
کلکیریا آرسینک	6
ہائیڈروسیانک ایسڈ	6

سب دوائیں برابر مقدار میں ملالیں اور 10 قطرے فی خوراک 1 اونس تازے پانی میں ملا کر دن میں 3.4 مرتبہ دیں۔

B. میگ فاس	3x
کالی میور	6x
کیوپرم میٹ	6x

تینوں دواؤں کے سفوف ہموزن ملالیں اور 6-5 گرین فی خوراک یومیہ 4 دفعہ استعمال کروائیں۔

C. آرٹیمشیا ولگرس	Q	1 حصے
پیسی فلورا	Q	2 حصے

باہم ملالیں اور 20-15 قطرے فی خوراک 1 کپ نیم گرم پانی میں ملا کر دن میں 4-3 مرتبہ استعمال کروائیں۔

مندرجہ بالا تینوں یا کوئی سے دو نسخہ جات اکٹھے یا باری باری بھی دیے جا سکتے ہیں۔

D. چھوٹے بچوں میں مرگی کے عارضے میں یہ مرکب زیادہ موثر ہوا کرتا ہے۔

ایتھوزا	30
بیلاڈونا	30
کیوپرم میٹ	30

برابر مقدار میں ملالیں اور 10-8 قطرے فی خوراک تھوڑے سے پانی میں ملا کر روزانہ 4-3 بار استعمال کروائیں۔

164. مسکن شربت

"مسکن شربت" رنگون (برما) کے ایک نامور طبیب کا خاص الخاص اور معمول مطب نسخہ ہے۔ یہ غذائی بد پرہیزیوں، جنسی بے اعتدالیوں اور محرک نفس عوامل سے پیدا شدہ ذکی الحسی

گرمی مثانہ اور حدت منی وغیرہ میں میرا سینکڑوں بار کا آزمایا ہوا فارمولا ہے۔ اس کا چند روزہ استعمال پرانے سے پرانے جریان (منی و مذی وغیرہ) کو دور کر کے حس نفسانی کو اعتدال پر لے آتا ہے۔ سوزاک میں "مسکن شربت" بے حد مفید و موثر ثابت ہوا ہے۔ جبکہ گاڑھا' زرد یا سبزی مائل زرد مواد بکثرت خارج ہو رہا ہو۔ اس کا دس پندرہ روزہ استعمال ضعف باہ سرعت انزال اور رقت منی کے مریضوں میں ذکاوت اور حدت کی تمام کیفیات کا خاتمہ کر کے جسم میں مقوی اور محرک ادویہ کے لیے قوت جاذبہ کو بے حد بڑھا دیتا ہے۔ یہ بروما ئیڈز کی طرح منشی' مضعف یا قابض نہیں ہے اور پھر اس کا بنانا بے حد آسان ہے۔

خلاصہ شقائق النعان (پلسا ٹیلا Q) 10 ملی لٹر

عرق بادیان (سونف کا عرق) 110 ملی لٹر

باہم ملالیں اور چاہیں تو اس میں 1 چمچ چینی ملالیں "مسکن شربت" تیار ہے۔ روزانہ 1 چمچ شربت صبح دوپہر شام کھانا کھانے سے نصف گھنٹہ پیشتر استعمال کریں کھٹی' بادی اور گرم اشیاء سے پرہیز کریں نیز قبض' بالکل نہ ہونے دیں اور دوران علاج جنسی سرگرمیوں سے روکے رکھیں۔

165. مشت زنی' جلق — Masturbation

اسٹیلیگو	1x
اوری گینم	1x
ایسڈ فاس	1x

تینوں اجزاء برابر مقدار میں ملالیں۔ مشت زنی کی قبیح عادت چھڑوانے کے لیے ایک باکمال اور قابل اعتماد مرکب تیار ہے۔ 10 قطرے فی خوراک 1 اونس سرد پانی میں ملا کر دن میں 4-3 بار استعمال کروائیں۔

166. مشت زنی کے برے اثرات — Masturbation's ill Effects

A. سٹافی سیگیریا	200
کونیم	200
لائیکوپوڈیم	200

ہم مقدار ملا لیں۔ یہ مشت زنی کے برے اثرات مثلاً کمزوری، ناطاقتی، چہرہ کھنچا ہوا، نظر وحشیانہ، غمگین اور مایوسی وغیرہ کا ازالہ کرنے والا نہایت لاجواب نسخہ ہے۔ 10 قطرے فی خوراک تھوڑے سے پانی میں ملا کر شروع میں صبح و شام دیں اور پھر روزانہ 1 دفعہ کچھ عرصہ متواتر استعمال کروائیں۔

مشت زنی کے برے اثرات کے تدراک کے لیے ایک اور مفید ترین نسخہ درج ذیل ہے۔

B. ایسڈ فاس	3x	10 ملی لٹر
چائنا	3x	10 ملی گرام
فیرم فاس	3x	10 گرام
کالی فاس	3x	10 گرام
کلکیریا فاس	3x	10 گرام
نیٹرم فاس	3x	10 گرام
میگ فاس	3x	10 گرام

تمام دوائیں باہم یکجان کر کے خشک کر لیں اور 7-5 گرین فی خوراک یومیہ 4 مرتبہ استعمال کروائیں۔ مندرجہ بالا دونوں نسخہ جات اکٹھے بھی استعمال کروائے جا سکتے ہیں۔ اسی طرح مطلوبہ نتائج بہت جلد حاصل ہو جاتے ہیں۔

167. معدے کی تکالیف Stomach Diseases

A. حاد سوزش معدہ (Acute Gastritis) کے لیے ایک تیر بہدف نسخہ مندرجہ ذیل ہے۔

آرسینک البم	3x
فیرم فا	3x
پلساٹیلا	3x
نکس وامیکا	3x

چاروں اجزاء ہم مقدار ملا لیں اور 15 قطرے فی خوراک 1 اونس تازے پانی میں ملا کر شدت علامات کے مطابق تھوڑے تھوڑے وقفے سے استعمال کروائیں۔

B. مزمن قسم کے ورم معدہ میں ذیل کا مرکب انتہائی موثر ہوا کرتا ہے۔

آرسینک البم	30
فاسفورس	30
اینٹم کروڈ	30
نکس وامیکا	30

برابر مقدار میں ملالیں اور 12-10 قطرے فی خوراک 1 کپ تازے پانی میں ملا کر دن میں 4-3 مرتبہ استعمال کروائیں۔

علاوہ ازیں بد ہضمی، تیزابیت، اپھارہ، السر، اسہال، پیچش، قبض اور کمی بھوک نیز گیسٹرک ٹانک وغیرہ عنوات بھی ملاحظہ ہوں۔

168. میولین ائیرڈراپس Mullien Ear Drops

"ملین ائیرڈراپس" کان کے جملہ امراض کا انتہائی موثر علاج ہیں۔ کان میں ورم، درد، سوزش اور پیپ وغیرہ آنے کے لیے بے حد مفید ہیں۔ بہرے پن کے لیے اکثر شافی ہوا کرتے ہیں۔

ایکونائٹ	Q	1 حصہ
بیلاڈونا	Q	1 حصہ
پلساٹیلا	Q	1 حصہ
ملین آئل	Q	1 حصہ
روغن بادام خالص		2 حصے

تمام اجزاء باہم ملا کر یکجان کر لیں۔ 3-2 قطرے متاثرہ کان میں روزانہ 3-2 بار ڈلوائیں۔

169. منہ آنا۔(منہ میں چھالے) Apthae

بوریکس	30
مرکسال	30
کالی میور	30

برابر مقدار میں ملالیں۔ منہ کے چھالے خواہ کسی بھی قسم کے ہوں میں نے اس نسخے کو ہمیشہ کامیاب پایا ہے۔ 10 قطرے فی خوراک تھوڑے سے پانی میں ملا کر دن میں 4 دفعہ دیں۔ نیز

خارجی طور پر ماؤتھ کیئر لوشن کا استعمال بھی کروائیں.

170. منہ کی سوزش Stomatitis

ایسڈ نائٹریکم	30
بوریکس	30
بیلاڈونا	30
مرکسال	30

چاروں دوائیں برابر مقدار میں ملا لیں. ہر قسم کی منہ کی سوزش کے لیے ایک انتہائی بھروسے کا مرکب تیار ہے. 12-10 قطرے فی خوراک تھوڑے سے پانی میں ملا کر شدت علامات کے مطابق دن میں 4 سے 6 مرتبہ استعمال کروائیں. نیز "ماؤتھ کیئر لوشن" بھی خارجی استعمال کے لیے دیں.

171. منی کا پتلا پڑ جانا. رقت منی Thin Semen

اگر منی پتلی ہو جائے تو نامکمل انتشار' سرعت انزال اور ضعف باہ وغیرہ جیسی شکایات پیدا ہو جاتی ہیں. ذیل کا نسخہ منی کے قوام کو گاڑھا کر کے رقت منی اور اس سے متعلقہ تمام علامات کو درست کرنے میں اکسیر کا درجہ رکھتا ہے. میرا سینکڑوں بار کا آزمایا ہوا معمول مطب نسخہ ہے.

ارنجیم اکوائیکم	Q	20 ملی لٹر
ایونیا سٹائیوا	Q	10 ملی لٹر
نیو فرلیوٹم	Q	10 ملی لٹر

تینوں مدر ٹنکچرز باہم ملا لیں اور 50-40 قطرے فی خوراک 1 کپ تازے پانی میں ملا کر دن میں 3 مرتبہ کھانا کھانے سے نصف گھنٹہ پیشتر استعمال کروائیں. بہترین نتائج کے لیے مندرجہ ذیل بائیوکیمک مرکب بھی 7-5 گرین فی خوراک دن میں 4 دفعہ نیم گرم پانی کے ساتھ کھلائیں.

کالی فاس	3x
کلکیریا فاس	3x
نیٹرم فاس	3x
نیٹرم میور	3x

سب دواؤں کے سفوف برابر مقدار میں ملا کر یکجان کر لیں.

Sperms
172. منی کے کیڑے. سپرم

منی کے کیڑوں کی پیدائش اور افزائش میں اضافہ کر کے بے اولادوں کو صاحب اولاد بنانے والا ایک گرانقدر نسخہ مندرجہ ذیل ہے.

ایکسریز	30
کوبالٹم نائٹریکم	30

برابر مقدار میں ملا لیں ور 10-8 قطرے فی خوراک 1 اونس تازے پانی میں ملا کر روزانہ 3 بار دیں. نیز اس کے ہمراہ ذیل کی دوائیں بھی دیے ہوئے طریقے کے مطابق استعمال کروائیں.

ڈامیانہ Q - 20 قطرے فی خوراک 1 کپ پانی میں ملا کر یومیہ 3 بار دیں.

آرکاٹینیم 3x - 5 گرین سفوف دن میں 3 بار دیں.

اگنس کاسٹس 1M - 5 قطرے کی ایک خوراک ہفتہ وار دیں.

مندرجہ بالا علاج مسلسل جاری رکھیں اور ہر پندرہ دن بعد منی کی رپورٹ (Semen Test) کرواتے رہیں. انشاء اللہ چند ہی ہفتوں میں مطلوبہ نتائج حاصل ہو جائیں گے. دوران علاج جماع سے پرہیز کروائیں. نیز روزانہ دیسی بکرے کا ایک کپورا کھانے کی ہدایت بھی کریں.

Cataract
173. موتیا

موتیا خواہ سفید ہو' کالا ہو یا سبز ہو ذیل کا نسخہ ہر حال میں مفید و موثر ہوا کرتا ہے.

برائی اونیا	200
جلسی میم	200

ہم مقدار ملا لیں. 10-8 قطرے فی خوراک دو گھونٹ پانی میں ملا کر روزانہ 2-1 بار دیں

اور

کالی فاس	6x
کلکیریا فاس	6x

دونوں دواؤں کے سفوف ہموزن ملالیں اور 5 گرین فی خوراک یومیہ 4 مرتبہ دیں. نیز درج ذیل ادویہ بھی ہر پندرہ دن بعد ادل بدل کر دیں.

زنکم سلف CM

کاسٹیکم CM

آنکھوں میں ڈالنے کے لیے "سنریریا مارٹیما آئی ڈراپس" بھی دیں اور یہی علاج چند ماہ مسلسل جاری رکھیں. بفضل تعالیٰ موتیا بالکل ٹھیک ہو کر بینائی بحال ہو جائے گی.

174. موٹاپا Obesity

فائٹولیکا بیری Q

فریگریا وسکا Q

فیوکس ویسی کیولس Q

تینوں مدر ٹنکچرز برابر مقدار میں ملالیں. موٹاپا کم کرنے کے لیے یہ مجرب الجرب نسخہ ہے. 20-15 قطرے فی خوراک 1 کپ تازے پانی میں ملا کر دن میں 4-3 مرتبہ دینے سے چند ہی یوم میں فالتو چربی زائل ہونا شروع ہو جاتی ہے. یہ مرکب نہ صرف موٹاپے سے نجات دلاتا ہے بلکہ موٹاپے کے باعث پیدا ہونے والے دیگر عوارض خصوصاً سانس پھول جانا اور جلد تھک جانا وغیرہ میں بھی بے حد مفید ہے.

اگر قلبی حالت درست ہو تو تھائرائیڈینیم 3x بھی مندرجہ بالا مرکب کے ہمراہ باری باری استعمال کروائی جاسکتی ہے. یہ وزن کم کرنے کیلئے انتہائی زود اثر دوا ہے.

کلکیریا کارب 200 اور گریفائٹس 200 موٹے لوگوں کی مزاجی دوائیں ہیں. اگر موافق ہوں تو حیران کن نتائج کی حامل ہوا کرتی ہیں.

آلو، گوبھی، بڑا گوشت، چاول، چکنائی، بادی اشیاء، میٹھا اور مٹھائی وغیرہ کھانے سے ضرور پرہیز کروائیں نیز روزانہ خصوصاً سہ پہر کے وقت 1 کپ بغیر چینی کے قہوے میں 1 عدد لیموں نچوڑ کر پینے کی ہدایت بھی کریں یہ وزن کم کرنے کے لیے بے حد معاون و مددگار ہوتا ہے.

175. موچ آنا Sprain

پاؤں مڑ جانے یا موچ آنے سے اگر شدید تکلیف ہو رہی ہو تو یہ نسخہ انتہائی باکمال ثابت

ہوتا ہے.

آرنیکا	200
برائی اونیا	200
کاسٹیکم	200

برابر مقدار میں ملالیں اور 7-5 قطرے فی خوراک تھوڑے سے نیم گرم پانی میں ملا کر جلد جلد استعمال کروائیں.

B. ٹخنوں میں موچ آجانے کے لیے ذیل کا مرکب تیر بہدف اور سریع الاثر ثابت ہوتا ہے. جبکہ ٹخنے کے جوڑ اور پاؤں کے تلوے کے درمیان درد بھی ہو.

آرنیکا	200
بیلاڈونا	200
بیلس پرونس	200
برائی اونیا	200
روٹا	200

تمام دوائیں برابر مقدار میں ملالیں اور 15-10 قطرے فی خوراک 1 اونس پانی میں ملا کر جلد جلد دہرائیں.

176. موہکے. مسے Warts

A. تھوجا	200
سٹافی سیگیریا	200
نائٹرک ایسڈ	200

ہم مقدار ملالیں. موہکوں اور مسوں کے لیے ایک مفید ترین مرکب تیار ہے. 10-8 قطرے فی خوراک تھوڑے سے پانی میں ملا کر 2-1 بار روزانہ دیں.

B. بڑے بڑے مسے جن سے بہ آسانی خون بہہ نکلے ذیل کے مرکب سے خصوصی طور پر شفایاب ہوا کرتے ہیں.

نائٹرک ایسڈ	30

سنابیرس 30

کاسٹیکم 30

برابر مقدار میں ملالیں اور 10 قطرے فی خوراک تھوڑے سے پانی میں ملا کر یومیہ 4-3 بار دیں۔

C. چہرے اور ہاتھوں پر مسے ہوں تو یہ مرکب زیادہ موثر ہوا کرتا ہے۔

کالی کارب 30

کاسٹیکم 30

ڈلکامارا 30

برابر مقدار میں ملالیں اور 10 قطرے فی خوراک 1 اونس تازے پانی میں ملا کر دن میں 4-3 دفعہ دیں۔

177. میال ریٹ (سویڈن) Myalret

یہ دوا سویڈن میں بنتی ہے اور کئی ممالک میں کامیابی سے استعمال کی جاتی ہے۔ پٹھوں کی اینٹھن اور درد کے لیے میال ریٹ ایک لاجواب دوا ہے۔ یہ لنگڑی کے درد اور پٹھوں کے گنٹھیا کے لیے اکثر مفید ثابت ہوتی ہے۔ بازار میں اس کی پچاس ملی لٹر کی بوتل دو اڑھائی سو میں ملتی ہے۔ جبکہ آپ خود بڑی آسانی سے اور بہت سستی تیار کر سکتے ہیں۔ نسخہ پیش ہے۔

کالمیا 3x

کالوسنتھ 3x

نیفائیلم 3x

تینوں دوائیں برابر مقدار میں ملالیں "میال ریٹ" تیار ہے۔ 25-20 قطرے فی خوراک 1 اونس پانی میں ملا کر شدید تکلیف میں ہر گھنٹے بعد دہرائیں اور عام طور پر دن میں 3 بار استعمال کروائیں۔

178. ناخنوں پر سفید نشان White Spots on Nails

ناخنوں پر سفید نشان جنہیں عموماً کیلشیم کی کمی سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ ذیل کے نسخے سے درست ہو جاتے ہیں۔

الیومنا	6x یا 30
ایسڈ نائٹرک	6x یا 30
کلکیریا فاس	6x یا 30

تینوں دوائیں برابر مقدار میں ملالیں اور 10 قطرے فی خوراک تھوڑے سے پانی میں ملا کر دن میں 4-3 دفعہ استعمال کروائیں۔

179. ناک کے عوارض Nose Affections

ناک کے مزمن قسم کے عوارض' پرانا نزلہ' ناک میں گومڑ اور بتوڑیاں' ناک کی ہڈی کا ٹیڑھا پن اور ناک کا اکثر بند رہنا نیز ناک کے غدودوں کا بڑھ جانا وغیرہ میں یہ نسخہ انتہائی کارگر اور سودمند ہے۔

اگر یغنس	2x
تھوجا	2x
ٹیوکریم	2x
لیمنا مائنر	2x

چاروں دوائیں ہم مقدار ملالیں اور 15 قطرے فی خوراک 1 اونس پانی میں ملا کر دن میں 4-3 بار دیں۔ ناک میں مقامی طور پر نیزل ڈراپس کا استعمال بھی کروائیں۔

180. نروائن ٹانک Nervine Tonic

کچلہ (نکس وامیکا)	100 گرام
گڑ	25 گرام
دودھ	1 کلو گرام

کچلے کو ایک ہفتے تک پانی میں بھگو رکھیں اور ہر روز پانی تبدیل کرتے رہیں۔ سات دن کے بعد کچلے کے نرم پڑنے پر اس کو درمیان سے چھری کی مدد سے کاٹ دیں یا کھول لیں۔ کھولنے پر اس میں سے پان کے پتے کی طرح کا ایک چھوٹا سا پتہ نکلے گا۔ اسے احتیاط سے نکال کر پھینک دیں کیونکہ یہ بے حد زہریلا ہوتا ہے۔ اب اس پتہ نکلے ہوئے کچلے کو باریک پیس لیں اور دودھ میں ملا کر چولہے پر چڑھا دیں۔ گڑ بھی ساتھ ہی ڈال دیں اور ہلکی آنچ پر پکنے دیں۔ قوام گاڑھا

ہونے پر اتار کر ٹھنڈا کر لیں اور مناسب مقدار کی گولیاں بنا لیں. نروائن ٹانک تیار ہے. یہ اعصاب اور پٹھوں کو تقویت دے کر قوت باہ میں اضافہ کرتا ہے. عورتوں اور مردوں میں یکساں مفید نروائن ٹانک تیار بے اولادی اور بانجھ پن وغیرہ میں انتہائی موثر اور نامور اطباء کا آزمودہ ہے.

1 کپ نیم گرم دودھ میں 1 چمچ دیسی گھی ملا لیں اور ایک گولی اس کے ہمراہ رات سونے سے ذرا پہلے استعمال کروائیں.

181. نزلہ و زکام — Cold • Catarrh

A. بیلاڈونا 3x
سینگونیریا 3x
سپائی جیلیا 3x
کالی میور 3x
نیٹرم میور 3x

تمام دوائیں برابر مقدار میں ملا لیں. نزلہ زکام کا بہترین مرکب تیار ہے. 15-10 قطرے فی خوراک تھوڑے سے پانی میں ملا کر حسب شدت علامات جلد جلد دہرائیں یا دن میں 4 دفعہ استعمال کروائیں.

B. مزمن اور پرانے نزلے میں جب گاڑھا لیسدار مواد ریشوں کی صورت میں خارج ہو ذیل کا نسخہ بہترین ثابت ہوتا ہے.

کالی بائیکرام 30
کوکس کیکٹائی 30
ہیپر سلف 30

تینوں دوائیں برابر مقدار میں ملا لیں اور 10 قطرے فی خوراک دو گھونٹ پانی میں ملا کر دن میں 4-3 مرتبہ دیں. زیادہ پرانے اور پیچیدہ کیسوں میں یہی مرکب 200 طاقت میں روزانہ 2 بار دیں.

C. حلق میں نزلہ گرنے اور بلغم کے اجتماع کے لیے ایک زود اثر اور تیر بہدف نسخہ

درج ذیل ہے۔

پلسائیلا	30
پٹرولیم	30
کالی بائیکرام	30
ہائیڈراسٹس	30

ہم مقدار ملالیں اور 12-10 قطرے فی خوراک 1 اونس تازے پانی میں ملا کر دن میں 4-3 بار استعمال کروائیں۔

182. نکسیر آنا Apistaxis

چائنا	3x
فیرم فاس	3x

ہم مقدار ملالیں اور 10 قطرے فی خوراک تھوڑے سے پانی میں ملا کر دن میں 4 سے 6 مرتبہ دیں اور جریان خون کو روکنے کے لیے ملی فولیم Q 8-7 قطرے فی خوراک دو گھونٹ پانی میں ملا کر ہر 10 منٹ بعد استعمال کروائیں۔ مندرجہ بالا مرکب زیادہ خون بہہ جانے کی وجہ سے لاحق ہونے والی کمزوری کو بھی رفع کرتا ہے اور آئندہ نکسیر آنے کا سدباب بھی کرتا ہے۔

183. نگلنے میں دقت Dysphagia

اگر نگلنے میں دشواری ہو تو ذیل کا مرکب اسے دور کرنے میں انتہائی محدود و معاون ثابت ہوتا ہے۔

اسافوٹیڈا	3x یا 30
اگنشیا	3x یا 30
زنکم ویلیریانیکم	3x یا 30
نکس موسکاٹا	3x یا 30

چاروں اجزاء برابر مقدار میں ملالیں۔ 12-10 قطرے فی خوراک تھوڑے سے پانی میں ملا کر حسب ضرورت جلد جلد یا دن میں 4 دفعہ استعمال کروائیں۔

184. نمونیہ بخار۔ نمونیا
Pneumonia

A. سلفر 6x
برائی اونیا 6x
فاسفورس 6x

برابر مقدار میں ملا لیں۔ نمونیے کے لیے انتہائی شاندار نسخہ تیار ہے۔ 10 قطرے فی خوراک ۱ اونس نیم گرم پانی میں ملا کر ہر دو گھنٹے بعد دہرائیں نیز اس کے ہمراہ ذیل کا بائیوکیمک نسخہ بھی یکے بعد دیگرے 6-5 گرین فی خوراک استعمال کروائیں۔ قدرے افاقہ ہو جائے تو دونوں مرکبات دن میں 4-3 دفعہ دیں۔

فیرم فاس 3x
کالی میور 3x
کلکیریا فاس 3x

تینوں دواؤں کے سفوف برابر وزن میں ملا کر یکجان کر لیں۔

B. اگر بخار کسی طرح کم نہ ہو تو ذیل کا نسخہ مستعمل و مفید ہوا کرتا ہے۔

بیسی لینم 200
برائی اونیا 200
پائرو جینم 200

ہم مقدار ملا لیں اور 10-8 قطرے فی خوراک ۱ اونس پانی میں ملا کر حسب شدت علامات دن میں اسے 3 دفعہ استعمال کروائیں۔

C. حاد نمونیائی کیفیات کے لیے ایک اور موثر نسخہ مندرجہ ذیل ہے۔

ایکونائٹ Q
اینٹم ٹارٹ Q
برائی اونیا Q
فاسفورس Q

تمام مدر ٹنکچرز برابر مقدار میں ملا لیں۔ 5-3 قطرے فی خوراک دو گھونٹ تازے یا نیم گرم پانی میں ملا کر ہر دو گھنٹے بعد دیں۔ دو تین خوراکوں سے ہی نمونیا کی شدید اور خطرناک علامات میں

قدرے تخفیف ہو جاتی ہے۔ جب نمونیا قابو میں آجائے اور درد و کھانسی وغیرہ میں نمایاں افاقہ ہو جائے تو دن میں 3 مرتبہ استعمال کروائیں۔

185. نیزل لوشن Nasal Lotion

اگر۔نفس نٹ	Q	1 حصہ
تھوجا	Q	1 حصہ
ہائیڈراسٹس	Q	1 حصہ
گلیسرین خالص		3 حصے

باہم اچھی طرح ملا کر یکجان کرلیں۔ ناک کی ہڈی کے ٹیڑھے پن اور ناک کے غدودوں کے بڑھ جانے نیز ناک میں بد گوشت یا بتوڑیوں وغیرہ میں خارجی استعمال کے لیے نیزل لوشن نہایت اعلی درجے کی دوا ہے۔ 5-4 قطرے متاثرہ نتھنے میں 3-2 بار ڈلوائیں۔

186. ہارٹ برن۔ کلیجے کی جلن Heart Burn

آرسینک البم	6x
بسمتھ	6x
کاربو ویج	6x
کلکیریا کارب	6x

چاروں دوائیں برابر مقدار میں ملالیں۔ کلیجے یا سینے میں جلن کے لیے ایک بہترین نسخہ تیار ہے۔ 12-10 قطرے فی خوراک 1 کپ تازے پانی میں ملا کر شدت علامات کے مطابق دن میں 3 سے 6 دفعہ استعمال کروائیں۔

187. ہارٹ ٹانک Heart Tonic

دل کے بہت سے عوارض میں اکسیر "ہارٹ ٹانک" نہایت اعلی پائے کا مقوی قلب بھی ہے۔ یہ دل کے پٹھوں کو تقویت دے کر انہیں مضبوط بناتا ہے۔ نیز دل کے فعل کو باقاعدہ کرتا ہے۔ نسخہ درج ذیل ہے۔

ارجنا

کریٹیگس	Q
کیکٹس	Q

برابر مقدار میں ملالیں اور 15 قطرے فی خوراک 1 اونس پانی میں ملا کر یومیہ 4-3 مرتبہ دیں۔

188. ہچکی Hiccough

جنسنگ	Q
سکوٹیلیریا	Q

ہم مقدار ملالیں۔ ہچکی روکنے کے لیے سینکڑوں بار کا آزمودہ مجرب الجرب مرکب تیار ہے۔ 15-10 قطرے 1 کپ پانی میں ملا کر حسب شدت تھوڑے تھوڑے وقفے سے دہرائیں اور ساتھ ہی میگ فاس 3x بھی 5 گرین فی خوراک نیم گرم پانی سے یکے بعد دیگرے کھلائیں۔ چند ہی خوراکوں سے ہچکی بہت کم ہو جاتی ہے۔

189. ہڈیوں میں درد Pain in Bones

ذیل کا نسخہ خصوصاً رات کے وقت بڑھ جانے والے ہڈیوں کے درد میں اکثر شافی ہوا کرتا ہے۔

آرم میٹ	30
مرک سال	30
مزیریم	30

تینوں دوائیں برابر مقدار میں ملالیں اور 10 قطرے فی خوراک تھوڑے سے پانی میں ملا کر روزانہ 4-3 دفعہ استعمال کروائیں۔ پرانے مریضوں کو یہی مرکب 200 طاقت میں روزانہ 2-1 بار دیں۔

190. ہسٹریا۔ اختناق الرحم Hysteria

اسافوٹیڈا	2x
اگنیشیا	2x

نکس موسکاٹا 2x

برابر مقدار میں ملالیں. ہسٹریا یا باؤ گولہ کے لیے ایک گرانقدر مرکب تیار ہے. 15-10 قطرے فی خوراک 1 اونس نیم گرم پانی میں ملا کر شدت علامات کے مطابق جلد جلد اور عام طور پر دن میں 4-3 مرتبہ دیں. شدید دورے کی حالت میں ایمائل نائٹ Q سنگھائیں اور کیمفر Q 2-1 قطرے تھوڑی سی ملک شوگر پر ڈال کر 5-5 منٹ کے وقفے سے دہرائیں.

ماسکس 3x بھی ہسٹریائی عوارض میں اکثر مظہر و مفید ہوا کرتی ہے اسے مندرجہ بالا مرکب میں بھی شامل کیا جاسکتا ہے.

191. ہکلانا

ہکلاہٹ خواہ نفسیاتی الجھنوں کی وجہ سے ہو یا زبان کے جزوی فالج کے باعث درج ذیل نسخہ ہر حالت میں موثر ہوا کرتا ہے.

سٹراموینیم 200

کاسٹیکم 200

برابر مقدار میں ملالیں. 10-8 قطرے فی خوراک تھوڑے سے پانی میں ملا کر روزانہ 2-1 بار دیں.

192. ہوا کی نالی کی سوزش Bronchitis

A. ہوا کی نالی کی حاد سوزش (Acute Bronchitis) میں اکثر استعمال ہونے والا ایک بے حد مفید نسخہ مندرجہ ذیل ہے.

اپی کاک 30

برائی اونیا 30

ہیپر سلف 30

ہم مقدار ملالیں اور 10 قطرے فی خوراک 1 اونس پانی میں ملا کر دن میں 4 سے 6 مرتبہ حسب شدت علامات دیں.

B. مندرجہ ذیل مرکب ہوا کی نالیوں کی مزمن سوزش (Choronic Bronchitis) میں نہایت سود مند ثابت ہوتا ہے.

امونیم کارب 30
سٹینم 30
کاربوویج 30

برابر مقدار میں ملالیں اور 10 قطرے فی خوراک 1 اونس پانی میں ملا کر یومیہ 4-3 دفعہ دیں.

193. ہونٹ. (ہونٹوں کی سوجن) Lips

A. یہ مرکب نچلے ہونٹ کی سوجن کے لیے بے حد افادیت کا حامل ہوا کرتا ہے.

پلساٹیلا 6x
سیپیا 6x
کالی سلف 6x

تینوں دوائیں برابر مقدار میں ملالیں اور 12-10 قطرے فی خوراک تھوڑے سے پانی میں ملا کر دن میں 4-3 دفعہ استعمال کروائیں.

194. ہیپاٹائٹس. بی- سی وغیرہ Hepatitis.B,C.

جگر کے بڑھ جانے اور جگر کی بی اور سی قسم کی سوزش میں مفید ترین ایک اعلیٰ درجے کا نسخہ ذیل میں دیا گیا ہے.

آرسینک البم 2x
برائی اونیا 2x
چیلیڈونیم 2x
چیوتھس 2x

تمام دوائیں برابر مقدار میں ملالیں اور 15 قطرے فی خوراک 1 اونس پانی میں ملا کر روزانہ 3 دفعہ استعمال کروائیں. نیز اس کے ہمراہ دن میں 3 مرتبہ یکے بعد دیگرے کارڈوس میریانس Q یا 1x بھی 7-5 قطرے فی خوراک تھوڑے سے پانی میں ملا کر دیں.

195. ہیضہ Cholera

سڑکولیا	Q	2 حصے
کرچی	Q	1 حصہ
کیمفر	Q	1 حصہ

باہم ملالیں. ہیضے کے دفعیے کے لیے ایک لاجواب نسخہ تیار ہے. شدید قے اور اسہال' سخت پیاس' انتہائی کمزوری اور غشی کی سی کیفیت' جسم ٹھنڈا' نبض کمزور اور پسینہ بکثرت آرہا ہو تو 25-20 قطرے فی خوراک 1 کپ گلوکوز ملے ہوئے پانی میں ملا کر شدت مرض کے مطابق چھوٹے چھوٹے وقفوں سے دہرانا بے حد موثر ہوتا ہے. یہ علامات کی شدت کو کم یا ختم کرنے کے لیے جادو کا سا اثر رکھتا ہے.

196. ہے فیور Hay-Fever

A. ہر قسم کی چھینکوں کی الرجی یا چھینکوں کے بخار کے لیے ذیل کا نسخہ برسوں کا آزمودہ ہے.

آرسینک البم	30
سباڈیلا	30
نیٹرم میور	30

برابر مقدار میں ملالیں. 10 قطرے فی خوراک 1 اونس پانی میں ملا کر تھوڑے تھوڑے وقفے سے شدت علامات کے مطابق دیں اور ساتھ ہی یکے بعد دیگرے مندرجہ ذیل بائیوکیمک مرکب بھی 6-5 گرین فی خوراک استعمال کروائیں.

فیرم فاس	6x
کالی فاس	6x
کلکیریا فاس	6x
سلیشیا	6x

سب دواؤں کے سفوف ہم وزن ملالیں.

B. برائی اونیا	200

بیسی لینم	200

باہم برابر مقدار میں ملا لیں اور 7-5 قطرے کی ایک خوراک ہر دوسرے دن دیں۔

197. یرقان Jaundice

کارڈوس میریانس Q یرقان اور دیگر امراض جگر میں اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔ 10-8 قطرے فی خوراک 1 اونس پانی میں ملا کر دن میں 4-3 مرتبہ دیں اور

A. اگر جسم میں گرمی ہو تو اس کے ہمراہ یکے بعد دیگرے ذیل کا مرکب بھی استعمال کروائیں۔

سلفر	30
برائی اونیا	30

باہم برابر مقدار میں ملا لیں اور 10-8 قطرے فی خوراک 1 اونس تازے پانی میں ملا کر دیں۔

B. اور اگر جسم ٹھنڈا ہو تو کارڈوس مدر ٹنکچر کے ہمراہ درج ذیل مرکب باری باری استعمال کروانا زیادہ موزوں و موثر ہوتا ہے۔

جلسی میم	30
لائیکوپوڈیم	30

دونوں دوائیں ہم مقدار ملا لیں اور 10-8 قطرے فی خوراک تھوڑے سے پانی میں ملا کر دیں۔

198. یوفریزیا آئی ڈراپس Euphrasia Eye Drops

روٹا	Q	5 ملی لٹر
یوفریزیا	Q	5 ملی لٹر
بورک ایسڈ		5 گرام
عرق گلاب خالص		200 ملی لٹر

بورک ایسڈ کو عرق گلاب میں حل کر لیں اور پھر دونوں مدر ٹنکچرز ڈال کر اچھی طرح ہلا لیں۔ آنکھوں کے جملہ امراض میں مفید ترین یوفریزیا آئی ڈراپس تیار ہیں۔ یہ آنکھوں سے پانی آنا، آنکھوں کا دکھنا، آنکھوں میں زخم، جلن، سوزش اور سرخی وغیرہ کے لیے انتہائی زود اثر دوا

ہے. وبائی امراض میں یہ بطور حفظ ماتقدم مستعمل ہوا کرتی ہے.
3-2 قطرے دن میں 3-2 بار متاثرہ آنکھیں آنکھوں میں ڈلوائیں.

199. فوڈ پوائزننگ Food Poisoning

اگر باسی یا زہریلی غذا کے استعمال سے "فوڈ پوائزننگ" کی علامات پیدا ہو جائیں تو ذیل کا نسخہ از حد افادیت کا حامل ہوا کرتا ہے.

آرسینک البم	30
کیوپرم آرس	30
کاربوویج	30
پلساٹیلا	30

چاروں دوائیں برابر مقدار میں ملالیں اور 12-10 قطرے فی خوراک 1 اونس تازے پانی میں ملا کر حسب شدت علامات جلد جلد دہرائیں.

200. تقطیر البول Strangury

ورباسکم	Q
رہس ایرومیٹک	Q

برابر مقدار میں ملالیں. یہ تقطیر البول نیز پیشاب کر چکنے کے بعد قطرہ قطرہ ٹپکنے کے لئے ایک زوداثر مرکب ہے. 12-10 قطرے فی خوراک تھوڑے سے پانی میں ملا کر دن میں 4 مرتبہ دیں اور ساتھ ہی درج ذیل ادویہ بھی دی ہوئی ترتیب میں استعمال کروائیں. 5 قطرے فی خوراک فی دوا ہے.

سلفر	200	روزانہ صبح نہار منہ
جلسی میم	200	روزانہ دوپہر کو
کاسٹیکم	200	روزانہ رات سوتے وقت

پیشاب اور پیشاب کی نالی کی تکالیف بھی ملاحظہ ہوں.

Scanned by CamScanner